روحانی
ماہنامہ

تحفہ روحانیات

اکتوبر ۲۰۱۱ء

سید عابد حسین شاہ

Scanned with CamScanner

ذکر اور خدمت

تحریر۔ عابد کمالوی
ڈائریکٹر تعلقات عامہ (فیصل آباد)

کیا دیکھتا ہوں کہ سفید براق ریش اور چہرے پر مسکراتی آنکھیں ایک بڑا بلوریں تھال سامنے آتا ہے یوں لگا کھیر سے بھرا ہوا ہے یعنی کوئی سفید کھانا تھا اس میں بزرگوں نے وہ تھال مجھے دیتے ہوئے فرمایا اسے تقسیم کر دو اور جب سب کو تقسیم کو چکو تو کچھ خود کھا لینا کئی روز تک یہ خواب مجھے بے چین کرتا رہا "تعبیر الرویاء" کھول کر دیکھی اور خود بھی خوابوں کی تعبیروں کا جتنا علم جانتا تھا اس حساب سے تجزیہ کیا اور پھر یہی خواب بزرگ محترم کے مرید خاص کو بتایا انہوں نے کہا کہ "کسی اور کو نہیں بتانا" سال میں ایک آدھ بار ایسے خواب آتے ہیں جو روح کو نہال کرتے اور دل میں روحانیت بھر دیتے ہیں کہ ہر علاقے' ہر شہر میں حکومت کے انتظامی کنٹرول کے علاوہ کسی کی روحانی عملداری بھی ہوتی ہے۔ ولی' قطب' ابدال' فقیر' درویش اور صوفی اپنی اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں اسی لئے میں اپنی تمام ہجرتوں کے دوران ہر شہر میں ایسے زندہ یا صاحب مزار روحانی حکمران کی تلاش کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ اسی دوآبہ رچنا میں ابوانیس حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں۔ دس محرم' بارہ ربیع الاول' لیلۃ القدر اور عرس کی تقریبات پر دارالاحسان میں دنیا کہاں کہاں سے کھنچی چلی آتی ہے اس کا کوئی اندازہ ہی نہیں اور یہاں جو بہت بڑا فری آئی کیمپ منعقد ہوتا ہے اس سے بے شمار پیدائشی نابیناؤں کو بینائی مل چکی ہے اس مرکز انوار و تجلیات پر خاکسار کی کئی حاضریاں ہیں اور ہر مرتبہ بہت مکمل مراقبہ اور پھر ساری حقیقتیں منکشف ہو جاتی ہیں۔ صاحب مزار خود گشت پر ہوتے ہیں لوگوں کو ہدایات دے رہے ہیں اور کبھی سارے مجمع سے الگ تھلگ کسی سوچ میں گم ہیں۔ عصا ہاتھ میں ہے' مرقد کے پہلو میں ذکر و فکر کی محفل کے دوران دعا کے بعد میں نے دائیں جانب دیکھا تو ایک ڈی آئی جی رینک کا افسر سادہ کپڑوں میں اشک آلود چہرے کے ساتھ مؤدب ہے ریٹائرڈ' حاضر سروس اعلیٰ افسران اس ماحول میں مانگ کر دعاؤں کے ذریعے دل کی مرادیں حاصل کر رہے ہیں یہاں ایک شان فقر ہے عظمت ہے دبدبہ ہے لیکن سادگی اور بے نیازی کے نظارے زیادہ ہیں گویا بقول مرشد' قلندرانہ ادا کیسی سادہ جلال وہ کونسا لمحہ ہے جب یا حیّ یا قیوم کا ذکر نہ ہو رہا ہو یہ وہ نام ہے جس کی برکتوں سے لوگ اس طرف کھنچے چلے آ رہے ہیں سارے اچھے کام ہو رہے ہیں قرآن محل سے آنے والی روشنیاں اندھیروں کو منور کر رہی ہیں' مخلوق خدا سیر ہو کر کھانا کھا رہی ہے' آداب زندگی سکھائے جا رہے ہیں کوئی غیر شرعی حرکت نہیں کر سکتا' کوئی حد سے تجاوز نہیں کرتا' اعتدال ہے کہ سید الکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی روزانہ امور میں میانہ روی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ قارئین کچھ کیفیات ایسی ہوتی ہیں جو الفاظ میں بیان نہیں کی جا سکتیں اور کچھ باتیں عام نہیں کی جاتیں۔ سب محبت کا درس دلوں کو جوڑنے کا کام مخلوق خدا کی خدمت' ہاں ہاں' خدمت' خدمت' خدمت' کہ یاد خدا اپنی جگہ لیکن خدمت کے پہلے کام پر بھی اللہ سے ملاقات ہو سکتی ہے تو ایسی جگہوں پر جاؤ تو وہاں سے یہی عزم لے کر واپس لوٹو کہ باقی زندگی ذکر اور خدمت میں گزارو گے۔ میرا رابطہ نمبر **0333-4969301** بھی ہے۔

جناب عابد کمالوی صاحب (ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ (فیصل آباد) نے انتہائی معروفیت کے باوجود قارئین تحفہ روحانیات سے محبت کا ثبوت دیتے ہوئے خاص طور پر یہ مضمون ارسال کیا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ ماہ ایک اور مضمون رسالہ ہذا میں شائع کروانے کا وعدہ کیا ہے۔ جو کہ رسالہ نومبر میں شائع ہوگا۔ قارئین بلاوجہ صاحب مضمون کو فون پر تنگ نہ کریں۔ اگر ایک بار فون کرنے پر بات ہو جائے تو ٹھیک ورنہ بار بار فون نہ کیا جائے۔ (ادارہ)

قارئین توجہ فرمائیں

رسالہ تحفہ روحانیات ماہ رواں اکتوبر **2011**ء شرف زحل نمبر شائع کیا گیا ہے۔ لکھاری حضرات کی محبت ہے کہ شرف زحل نمبر پر اس قدر مضامین ارسال کئے گئے کہ بوجہ مجبوری اس ماہنامہ اکتوبر "تحفہ روحانیات" میں باقاعدہ شائع ہونے والے صفحات "آپ کی ڈاک + پیغامات + قلمی دوستی" کے صفحات فی الحال شامل نہیں کئے گئے۔ انشاء اللہ آئندہ ماہ درج بالا صفحات باقاعدگی سے رسالہ ہذا میں شامل کئے جائیں گے۔ **(ادارہ)**

مضمون خاص شرف زحل

تحریر: محمد ایاز مزمل حسین شاہ، چیف ایڈیٹر ادارہ روحانیات

قارئین تحفہ روحانیات کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے شرف زحل کے بارے میں پیدا ہونے والے خدشات اور وہمات دور کرنے میں ادارہ کی حوصلہ افزائی کی اور تعریفی خطوط، ایس ایم ایس اور فون کیے، یہی نہیں بلکہ اس بارے میں اہم کردار تحفہ روحانیات کے معزز لکھاری حضرات نے بھی ادا کیا جنہوں نے ایسے جھوٹے وہمات دور کرنے کیلئے مضامین ارسال کیے جن کی کوئی دلیل نہیں۔ قارئین اس اہم وقت سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہم اپنے مقصد کی طرف آتے ہیں، سیارہ زحل کا نکتہ شرف منزل غفرا جس کا ہندی پچھتر سواتی ہے۔ اس اہم نکتہ پر حروف سین کی مدد سے جو بھی نقوش و الواح تیار کیے جائیں گے۔ انشاءاللہ فائدہ دیں گے۔ آج کے مضمون میں مکمل طور پر حرف سین پر بحث کی جائے گی۔ کیونکہ اس حرف کا تعلق زحل کے نکتہ عروج سے ہے جس کا مزاج عنصر خاکی ہے جبکہ زحل کا بھی عنصر خاکی ہے۔ خاک اور آب میں موافقت پائی جاتی ہے۔ یاد رکھیں کہ لوح زحل سیسہ کے علاوہ چاندی پر بھی بنائی جاسکتی ہے کیونکہ چاندی کا عنصر آبی ہے۔ سونا یا لوہے پر لوح زحل بنانا بے وقوفی ہوگی کیونکہ لوہا منسوب مریخ سے ہے جوکہ دشمن زحل ہے اور اسی طرح سونا منسوب شمس سے ہے۔ یہ بھی زحل کا دشمن ہے۔ دونوں دھاتوں کا عنصر آتشی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ آتش اور آب میں عداوت ہے۔ مزاجاً دیکھا جائے قمر اور زحل میں بھی عداوت ہے، لیکن مزاج عنصر باہم ہونے کی وجہ سے بوقت شرف مثبت اثرات ظاہر کریں گے۔ یعنی تناسب عداوت شمس و مریخ سے کم ہے۔

حرف سین کے عدد 60 ☆ اسم اعظم **یا سمیع** ☆ خوشبو مرکب ☆ موکل اسم الٰہی ہموا کیل ☆ جن اسم الٰہی ینوش، سمت مشرقی ☆ تعلق منزل موسیقی ☆ نقوش دفع جادو سحر، درازی عمر، دفع بدحالی، مفلسی ☆ حس، داہنا کان ☆ عنصر خاکی ☆ دھات سکہ، قلعی، چاندی ☆ امراض سوداوی، بلغمی ☆ معدنیات مردا، سنگ، لوہچون، سخت اور سیاہ پتھر، خاکستری رنگ و سیاہ ☆ جنس نر، مخنث ☆ تعلق رات ☆ نحس اکبر، مقدار کوتاہ، خشک، سخت، بوجھل، خشک پہاڑ، کنویں، رات سے متعلق اشیاء، نباتات و خشک گھاس ☆ ذائقہ کاٹھا و کسیلہ بشمل ماذو، بھیڑ، ☆ پھل زیتون، کیلا، اخروٹ، بادام، ناریل، سپاری، پستہ، السی، مسور دال ☆ حیوانات، ہر سیاہ رنگ کا تحتہ الارض (یعنی کیڑے مکوڑے، جانور) مثلاً چوہا، سانپ سیاہ، بچھو سیاہ، سیاہ رنگ کے حشرات، دوسرے درجہ میں وہ جاندار جوکہ نحس ترین اور پرندے کہلاتے ہیں، جن میں گدھ، کوا، چیل شامل ہیں۔ وہ جسمانی اعضا جن کا زحل سے تعلق ہے، جلد اور بال، ناخنوں پر روئیں، ہڈی، سین شامل ہے۔ انسانی اعضاء میں زحل سے متعلق عناصر اربعہ میں گردن اور پاؤں شامل ہیں۔

حرف 'سین' (س)

بسط س ی ن تکسیر 39 ضرب دینے پر حاصل 309 ساقط کرنے پر 158 موکل طسیائیل یہ موکل ظاہری ہے۔ اس کے بعد باطنی موکل حاصل کرنے کے لئے اصل حرف میں ضرب دیں تو موکل فقیائیل جوکہ باطنی موکل ہے اور اصل عدد سے غنیائیل ظاہر ہوتا ہے۔

یہ حرف ابجد قمری کے لحاظ سے پندرھواں حرف ہے خواص اس حروف کے لاتعداد ہیں۔ چنانچہ اس حرف کی زکواۃ اس طریقہ پر ادا کی جائے کیکہ بوقت شرف زحل کچی زمین پر نشست جمائیں۔ رُخ جانب مشرق ہو۔ جب شرف زحل ہو اور طالع زحل، ساعت زحل رات کی کم از کم 3 ساعت تک آٹھ ہزار بار ایک نشست میں پڑھا جائے تو اس کی قوت ہاتھ آجاتی ہے۔ اہل علم اس حرف کے خواص بکثرت تحریر فرماتے ہیں جن میں سے چند مختصر حسب ذیل ہیں۔ ان تمام خواص سے شرف زحل میں بھی بغیر ادائیگی زکات فائدہ لیا جاسکتا ہے۔

جب عین وقت شرف زحل ہو تو چاہئے کہ حاسد کے نام کو حروف سین کے ہمراہ بیضہ مرغ پر از اول تا آخر لکھے اور لوبان سلگا کر اس لکھے ہوئے انڈے کو اس کا بخور دے بعدہ اس انڈے کو زمین میں دفن کردے۔ یہ عمل زبان بندی کیلئے بہت مفید ہے۔ حاسد کی زبان بدگوئی کرنے سے باز رہے گی۔

اگر حرف سین (س) چینی کے سفید برتن پر مشک اور زعفران سے 60 بار لکھا جائے اور شربت یا پانی اس برتن میں ڈال کر بیمار کو پلایا جائے تو خواہ کیسی ہی سخت بیماری کیوں نہ ہو۔ انشاءاللہ تعالٰی چند ہی روز میں مریض کو صحت حاصل ہوجائیگی۔

اگر کوئی بچہ بات چیت کرنے میں لکنت کا شکار ہوجائے یعنی گفتگو کرنے

میں اس کی زبان لکنت کھاتی ہو (ہکلا پن) تو چاہئے کہ اس حرف سین (س) کو وقت شرف زحل اور سعد ساعت زحل کا لحاظ کرتے ہوئے چاندی یا کاغذ پر پاک روشنائی سے بخورات کی روشی میں ساٹھ مرتبہ لکھ کر بعد کرنے موم جامہ بصورت تعویذ اس کے گلے میں ڈالے اور اکیس روز تک یہی تعویذ اسی تعداد میں مشک اور زعفران سے لکھے اور شہد خالص کے شربت میں محو کر کے روزانہ پلاتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ شکایت لکنت کی جاتی رہے گی۔

بوقت شرف زحل تمام ساعت زحل جن کا نقشہ رسالہ ہذا میں دیا جا چکا ہے۔ نقش مندرجہ ہذا جو حرف سین کا ہے قواعد وضوابط کو ملحوظ رکھتے ہوئے اگر زن عقیمہ کے گلے میں بہ صورت تعویذ ڈالا جائے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ صاحب اولاد ہوگی۔ لیکن یہ سب فائدے کب ظہور پذیر ہوں گے جب طالب عمل اس حرف کی زکوۃ ادا کر کے اس کا عامل بن جائے۔ اور اس کا بہترین وقت موجودہ شرف زحل ہے۔

قوی — ٧٨٦ — جبرائیل — میکائیل

١٧٤	١٧٨	١٨١	١٦٠
١٨٠	١٦٨	١٧٣	١٧٩
١٦٩	١٨٣	١٧٦	١٧٢
١٧٧	١٧١	١٧٠	١٨٢

حرف س ناطق اور مزاجاً گرم تر اور خاکی و بادی ہے۔ رطوبت معتدل ہے۔ اس کے مربع حرفی کو دردزہ والی عورت دیکھے تو بچہ فوراً پیدا ہو۔ اگر اس کے مثلث کو چاندی کے برتن میں لکھ کر میٹھے پانی اور زیتون کے تیل سے دھو کر اس کو پلائے جسے زہریلے جانور نے کاٹا ہو تو فوراً آرام ہو جائے۔

کشادگی رزق

جو شخص اس حرف کے مرکب اعداد نقش کو 9x9 میں جمعہ کے دن پہلی ساعت زہرہ میں بوقت شرف زحل بلور کے نگینہ پر منقش کر کے انگوٹھی میں لگا کر پہنے تو رزق کشادہ ہو اور اس کی ہر مشکل آسان ہو اور ہر برائی سے محفوظ رہے اور کبھی ہاتھ تنگ نہ رہے۔

اگر شکل عربی اس حرف کی مٹی کی لوح پر کندہ کر کے جس مکان پر لٹکائے تو اس مکان میں کمی نہ آئے۔ جو شخص شکل اردو اس حرف کی آئینہ میں دائرہ میں لکھے۔ اور لقوے والا اسے دیکھے تو جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔

قوی — ٧٨٦ — جبرائیل — میکائیل

س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س

اس کی شکل اس طرح بنائی جائیگی۔

اس وقت کہ جب وقت شرف زحل قمر بھی منزل غفر پر ہو تو کاغذ یا جھلی میں آب گلاب اور زعفران سے تین ہزار بار لکھیں پھر اسکو منزل مذکور کے سامنے رکھو حرف سین کو تین ہزار بار پڑھیں جب عدد مذکور پورا ہو جائے تو قسم کو ستر بار تلاوت کریں اول آخر میں کہیں کہ **اَیُّهَا الْمَلَكُ الرُّوْحَانِی اَجِبْ مَنْ دَعَاكَ وَسَخِّرْلِی عَسَاكِرَكَ یُهْلِكُوْ اَبْنِی فُلَانِ وَیُخَرِّبُوْامَنَازِلَهُمْ وَدِیَارَهُمْ**

صاحب عمل صیف زبان ہوگا۔ جو کلے گا وہ پورا ہوگا جس کیلئے دعا کی جائیگی وہ مراد پائیگا روحانی منازل میں اضافہ ہوگا۔ کشف وکرامت کا ظہور ہوگا۔ بشرطیکہ بعد میں بھی ورد کو جاری رکھے۔

اسم سمیع قبولیت دعاء اور بے شمار خواص

اسم سمیع کا ذکر ہر دعاء کے بعد کیا جائے تو دعاء قبول ہوتی ہے۔ جو بکثرت اس کا ذاکر بنے اس ذاکر کی کوئی دعا مسترد نہیں ہوتی۔ اگر شرف قمر میں انگوٹھی پر نقش کرے اور بکثرت ذکر کر کے اس کو ذاکر پہنے تو اس کی بات سنی جائے واعظوں اور خطیبوں کو اس کا ذکر مناسب ترین ہے۔ اور مسعود نامی شخص کو یہ مناسب تر ہے اس کے عدد 180 ہیں جو زوج الزوج اور فرد زائد اور اس کے اجزاء 2.5 ہیں جو جیل دلہم کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ جو اسم سمیع قابل کے مقابل ہے اور چونکہ اسم سمیع مکمل ہوتا اس الہام کے ساتھ جو تعلیم معانی مسموع سے ہے یہاں اسم مقام میں فہم کا ضروری ہونا لازم ہے اور چونکہ کوکب قمر سیر میں کل کواکب سے تیز رو ہے اسی لیے اسم سریع کا مظہر ہوا ہے۔ اور اس رافع وقمر کے اعداد ۳۲۱ ہوئے اور یہی اس کا مربع ہے اور اس کے اسماء حروف ۱۵۵ اسم رافع کی طرف اشارہ کر رہے ہیں اس کا مربع یہ ہے۔

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

س	م	ی	ع
۱۱	۷۹	۶۱	۳۹
۶۸	۱۸	۴۳	۶۲
۴۱	۱۳	۶۷	۹

بہرے پن کا علاج :

سمیع وہ صفت ذات ہے جس کے سننے سے کوئی بات خالی نہ رہے چیونٹی کی آہٹ کو بھی سنا جا سکتا ہے اور دل میں دعا کرنے والوں کی دعا کو بھی۔ جس شخص کو بہرے پن کی شکایت ہو اُس کو چاہیے کہ خطمی کے پتہ پر روغن گلاب سے دھو کر کان میں ڈالے تو انشاءاللہ بہرہ سننے لگے گا۔ دوسری اسم خاصیت اس طرح سے ہے کہ اگر اسم سمیع کو اسم بصیر کے ساتھ ملا کر خلوت میں پڑھا جائے تعداد مقرر نہیں لیکن وقت کم و بیش ایک گھنٹہ روزانہ ہونا چاہیے۔ انشاءاللہ چند یوم میں ایسے روحانی انکشافات ہونگے کہ ذرا سے دھیان اور توجہ سے روحانی باتیں سُن سکیں گے۔ ہاتف غیبی بیدار ہونگے۔ صبح صادق کے وقت قبل از اذان فجر خلوت میں ان اسمائے الٰہیہ کا ورد کیا جائے تو اُس کے بعد اس دعا کو سات بار پڑھا جائے تو انشاءاللہ ہر کام پورا ہوگا۔ یہ ایسا اسم مبارک اور دعا ہے کہ جس کی برکت سے فتوحات غیبی نصیب ہوتی ہے۔ روحانیت کے وہ پردے چاک ہوتے ہیں کہ کبھی تصور بھی نہ کیا ہو۔ دعا یہ ہے:


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ يَا سَمِيْعُ اَنْتَ الَّذِىْ تَسْمَعُ جَمِيْعَ الْبَوَاطِنِ مِنْ غَيْرِ اُذُنٍ سَمِعًا عَلٰى اِخْتِلَافِ اَصْنَافِ اللُّغَاتِ فَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَىْءٌ مِّمَّا هَجَسَ فِى الضَّمَائِرِ وَمَا نَطَقَتْ بِهِ السَّرَائِرُ يَامَنْ اَحْصٰى عِلْمُهٗ جَمِيْعَ الْمَسْمُوْعَاتِ الَّذِىْ اَحَطْتَ بِجَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَسْمَعُ دَبِيْبَ النَّمْلَةِ السَّوْدَاءِ عَلَى الصَّخْرَةِ الصَّمَّاءِ فِى اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْمَعَ دُعَائِىْ وَتُسَخِّرَلِىْ عَبْدَكَ فَتَجْيَائِيْلَ بِحَقِّ اِسْمِكَ السَّمِيْعِ وَاِنْ تَفْعَلَ لِىْ كَذَا وَكَذَا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَتُعَامِلَنِىْ بِلُطْفِكَ الْخَفِىِّ وَتَمُدَّنِىْ بِرَقِيْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِكَ وَاَوْصِلْنِىْ بِكُلِّ شَىْءٍ يُقَرِّبُنِىْ وَيُزْلِفُنِىْ بَيْنَ اَقْرَانِىْ حَتّٰى اَشْرُفَ بِالْحُضُوْرِ بَيْنَ يَدَيْكَ فَتَنْبَسِطُ قَلْبِىْ عِنْدَ الْاُنْسِ بِجَمَالِكَ وَشُهُوْدِ كَمَالِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ۔

قارئین مکرم! جب بھی شرف زحل میں کوئی نقش بنانے یا وظیفہ کرنے کا ارادہ ہو تو سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل برائے استطاعت و امداد رجال الغیب ادا کریں اور پھر 11 بار دعائے رجال الغیب کا ورد کریں۔ دعائے رجال الغیب مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری میں باقاعدہ شائع کی جاتی ہے اس کے علاوہ سلام زحل 7 بار پڑھیں۔

السلام علیکم یا زحل یا ارقائیل یا اقبح

اگر 108 بار سلام زحل پڑھا جائے تو اس کی قوت اور زیادہ ہو جاتی ہے۔ تمام عمل اور ورد اس طرح کیا جائے کہ خالی زمین پر بیٹھ کر عمل کریں۔ ایک خاص بات نوٹ فرمالیں کہ زحل رات کا سیارہ ہے۔ اس لئے وہ ساعتیں جو کہ بوقت شرف زحل بعد غروب آفتاب تا طلوع آفتاب میسر آئیں گی بہت قوت طاقت رکھتی ہیں اس دوران بھی اتوار اور منگل کی ساعتیں قدرے کمزور ہونگی لیکن ان کی کامیابی سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ہر لوح بنانے کے بعد طلسم زحل پشت پر کندہ کریں۔ وہ افراد جو کہ لوح تیار نہیں کر سکتے سیسہ، چاندی یا کاغذ پر کچی پنسل سے یہ طلسم بنا کر اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ میں وقت خاص میں لوح زحل تیار کرتا ہوں جس کا قاعدہ نہایت طویل ہے اور اثرات بے انتہا ہیں۔ یہ خاص لوح عام عوام سے پوشیدہ رکھی جاتی ہے تاکہ نا اہل سے اس کے قدر و قیمت میں کمی واقع نہ ہو۔

*** طلسمات و تعویزات شرف زحل ***



ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

مریخ تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	3 اکتوبر	08:04 تا 10:04	15:07 تا 17:14	مشرق	22:06 تا 00:05	جنوب مشرق

غلبہ دشمن

(مقصد عمل) دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے یا پنچایت میں شامل افراد کے دل میں اپنی جگہ بنانے کیلئے تاکہ فیصلہ آپ کے حق میں ہو یا دشمن کے سامنے خود کو طاقتور ظاہر کرنے کیلئے اور دو ناجائز ملنے والوں کے درمیان عداوت پیدا کرنے کیلئے یا ایسے پریشان والدین کہ ان کی اولاد اپنی مرضی سے شادی کرنے کیلئے والدین کو پریشان کرتے ہوں جبکہ وہ لوگ جہاں پر ان کی اولاد شادی کیلئے ضد کر رہی ہے وہ اچھے کردار کے مالک نہ ہوں۔

(عمل) ایک عدد بڑے بینگن پر آیت عداوت 2 بار اس طرح لکھیں کہ درمیان سے الگ کرنے پر دونوں آیتیں الگ الگ ہو جائیں۔ یہ آیتیں نئی چھری کی نوک سے لکھی جائیں گی۔ ایک آیت کے نیچے مرد کا نام مع والدہ اور دوسری آیت کے نیچے لڑکی کا نام مع والدہ لکھا جائے گا۔ لکھنے کے بعد اس پر 90 بار آیت عداوت پڑھیں اور اس بینگن کو چھری سے کاٹ کر اس طرح علیحدہ کریں کہ دونوں آیتیں الگ ہو جائیں اور بینگن کے دو حصے ہو جائیں کاٹتے وقت تصور میں ایک طرف لڑکے کا اور دوسری جانب لڑکی کا تصور کریں ان دونوں حصوں کو الگ رکھنے کے بعد ایسے قبرستان میں پھینکے کہ جس کے درمیان میں راستہ ہو کہ ایک حصہ بینگن کا قبرستان کے ایک حصہ میں اور دوسرا دوسرے حصہ میں پھینکا جائے۔ واپسی پر آنے کے لئے دوسرا راستہ اختیار کریں۔ گھر پہنچ کر کپڑے تبدیل کریں اور غسل کریں اور 90 روپے کی نمکین چیز پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت عداوت کے عدد بحساب ابجد اخذ کریں، عام سیاہی میں عرق لیموں اور نوشادر ڈال کر لوہے کے ٹوٹے ہوئے قلم سے مثلث خاکی اور آتشی پُر کریں۔ خاکی مثلث قبرستان میں دبائیں، آتشی آگ میں جلا دیں۔

عطارد قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	7	07:10 تا 08:06	14:04 تا 15:01	مغرب	21:01 تا 22:02	جنوب

بربادی دشمن

(مقصد عمل) یہ نحس نظر کو کسی جگہ یا عمارت کو تباہ و برباد کرنے کے لئے بہت پُر تاثیر مانی جاتی ہے۔ اس نحس نظر میں دشمن کی ہلاکت کیلئے بھی عمل کئے جاتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ کوئی بھی عمل غیر شرعی نہ ہو۔ جہاں عمل کی اشد ضرورت ہو صرف وہیں عمل کیا جائے ورنہ ایسے اعمال بہت جلد الٹ پڑ جاتے ہیں اور عامل خود کسی بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

(عمل) جس جگہ یا عمارت کو ویران کرنا مطلوب ہو۔ ایک سفید کاغذ پر حرف "ق" 100 بار لکھیں نیچے "یا قہار یا قوی یا قابض یا قاہر" لکھ کر دعائیہ انداز میں اپنا مقصد لکھیں۔ 100 بار ان تمام اسم الٰہیہ کو پڑھ کر اس کاغذ پر پھونک دیں اور اس کاغذ کو اس عمارت یا جگہ میں دفن کر دیں۔ اگر اس جگہ دفن کرنا ممکن نہ ہو تو قبرستان میں کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ عمل کے اختتام پر 80 روپے کی نمکین شے تقسیم کر دیں۔

شمس قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	14	09:07 تا 10:05	12:01 تا 13:00	جنوب	18:53 تا 19:54	شمال مغرب

عمل نحس

(مقصد عمل) یہ قران نحسین ہے کیونکہ حکمائے فلاسفہ نے شمس کو نحس سیارہ قرار دیا ہے جبکہ زحل نحس اکبر ہے اس قران میں دشمن کی مال و دولت جائیداد کی تباہ و بربادی، مرتبہ سے گرانا، ذلیل و خوار کرنا اور اسی طرح کے دیگر نحس اعمال کئے جاتے ہیں لیکن یاد رہے کہ معمولی سی رنجش کی بناء پر عمل شر کرنا خطرہ سے خالی نہیں۔ بہتر ہے کہ عمل کرنے سے قبل استخارہ کر لیا جائے۔ اجازت ملے تو عمل شروع کریں ورنہ مان لیں کہ آپ حق پر نہیں۔

(عمل) پیپل کے سبز پتہ پر ہشت در ہشت نیلی سیاہی سے تحریر کریں اس تحریر کردہ میں سورۃ الھب اس طرح تحریر کریں کہ بائیں سے دائیں جانب اس سورۃ کو برابر خانوں میں ایک ایک لفظ کے ساتھ لکھتے جائیں کہ جب پہلی سطر مکمل ہو جائے تو اوپر سے نیچے کی جانب سورۃ کو مکمل کر لیں۔ اسی طرح نقش کو مکمل کریں آخر میں اس کے دوسری جانب مقصد تحریر کریں جوں جوں یہ پتہ خشک ہوتا جائیگا دشمن مختلف قسم کے عذاب میں مبتلا ہوتا جائیگا لیکن عمل کرنے سے پہلے اپنی موت کو بھی یاد رکھیں ناحق عمل شر کرنا سخت رجعت میں بھی مبتلا کر سکتا ہے۔

زہرہ مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	15	07:10 تا 08:08	13:54 تا 14:51	شمال مغرب	20:51 تا 21:54	شمال مشرق

بربادی خانہ دشمن

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنیوالے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اوپر دیئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ الھب بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو، اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائیگا، ناجائز عمل کرنیوالا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

عطارد مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	17	08:10 تا 09:08	11:59 تا 12:56	شمال	22:56 تا 23:59	مشرق

بربادی دشمن

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الھب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ الھب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔

مریخ تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	26	08:13 تا 09:10	14:47 تا 15:44	مشرق	21:51 تا 22:55	جنوب مغرب

قوت مریخ

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکڑا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد اس پر **یَا مُحْیِی یا مُمِیتُ** اسمائے حسنیٰ اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنیٰ کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً ی ی م م ی ت ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً "دفع بیماری" ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی ح د ی ف ی ع م ب م م ی ا ت ر ی ای وقت میں ان دونوں اسمائے حسنیٰ کو ملا کر 1100 بار ورد کریں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد عمل روزانہ ان دونوں اسمائے حسنیٰ کا ورد 108 بار کریں انشاللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی تختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

(نوٹ) درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں، دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے۔ (ادارہ)

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	27	07:17 تا 08:13	13:51 تا 14:47	جنوب مغرب	20:47 تا 21:51	مغرب

تنزلی مرتبہ

(مقصد عمل) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کے لیے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ عمل نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین ومخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں انشاللہ آپ کا دشمن مقہور ہو گا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس عمل میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑھتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 36 روپے کی نمکین چیز بچوں میں تقسیم کر دیں، عمل کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	28	07:17 تا 08:13	11:02 تا 11:57	مغرب	20:43 تا 21:48	مغرب

بندش اہل قلم

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت وآفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جا سکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات وجنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلا وجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہو گا کہ تا حیات جان بخشی نہ گی۔

(**عمل**) درج بالا ساعتوں میں سیہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کشر پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سیہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کر دیں۔ جس شخص کیلئے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہو گا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہو گا۔

(**نوٹ**) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جا رہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جا سکے۔

شمس مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	29	07:21 تا 08:20	13:48 تا 14:48	مغرب	20:43 تا 21:48	جنوب

بربادی خانہ دشمن

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر دشمنوں کی تباہ و بربادی کیلئے موثر مانی جاتی ہے۔

(عمل) اس نظر میں اگر مسان دستیاب ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ 8 قبروں کی مٹی حاصل کریں اور اس مٹی پر یا منتقم یا مذل کا ورد 90 بار کریں۔ بعد از ورد سورۃ لھب 80 بار پڑھیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ بالا اسمائے حسنیٰ کا ورد 90 بار کریں۔ دشمن کی خانہ بربادی کیلئے بدعا کریں اور اس مٹی کو خانہ دشمن میں ڈال دیں۔ وہ لوگ جو نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا سورۃ مبارکہ اور اسمائے مبارکہ کے عدد ابجد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے عدد بھی شامل کر دیں نقش مربع معکوس خاکی پُر ہو گا۔ 4 نقش بنانے کے بعد 3 قبرستان میں دفنا دیں جبکہ چوتھا خانہ دشمن میں مسلسل 8 روز تک درج بالا طریقہ سے ورد مذکورہ بوقت غروب آفتاب سے 15 منٹ قبل شروع کریں۔ انشاللہ جلد ہی عمل کا اثر ظاہر ہو گا۔ یاد رہے کہ معمولی دشمنی یا رنجش کی بناء پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اس کے رجعی اثرات اتنے سخت ہوتے ہیں کہ دیوانگی اور پاگل پن کی حالت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لہذا عمل شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ اعداد سورۃ مبارکہ اسم الٰہی ادارہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

ہبوط شمس 11تا12اکتوبر

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	11 اکتوبر	/	/	/	20:56 تا 21:58	مشرق
بدھ	12 اکتوبر	11:03 تا 12:01	/	مشرق	17:51 تا 18:53	جنوب مشرق

انتقام، غضب وغصہ، تنزلی افسران بالا۔

سیارہ شمس کی حالت ہبوط میں دشمنوں سے انتقام لینا، ان پر غضب و غصہ مسلط کرنے کے علاوہ افسران بالا کی تنزلی کیلئے اعمال کیے جاتے ہیں۔ قارئین اس وقت سے مدد لے سکتے ہیں۔ لوازمات میں تانبا استعمال کیا جائیگا۔ جسے کندہ کرنے کے بعد آگ میں درج بالا ساعت میں ڈال دیں۔

اوج مریخ 20اکتوبر

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	20	07:13 تا 08:10	13:54 تا 14:51	جنوب مغرب	20:51 تا 21:54	مغرب

قوت باہ، خاتمہ اثرات بد وجنات، معدہ، دل، جگر کے امراض

مریخ کی یہ سعد قوت ہے۔ اس کی دھات لوہا اور تانبا ہے۔ قوت مردی کے لئے درج بالا دھاتوں پر خاتم مریخ تیار کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ طلسم مریخ بھی کندہ کر سکتے ہیں جو کہ قوت مردی میں زیادتی اور معدہ، دل، جگر کے امراض کے خاتمہ کے لئے مؤثر ہوگی۔

شرف زحل 12تا20اکتوبر

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	12	/	14:43 تا 15:38	جنوب مشرق	21:58 تا 23:00	مغرب
جمعرات	13	05:10 تا 06:12	12:01 تا 13:00	مغرب	18:53 تا 19:54	جنوب
جمعہ	14	02:05 تا 03:07	09:07 تا 10:05	جنوب	15:54 تا 16:53	شمال مغرب
ہفتہ	15	06:12 تا 07:10	13:00 تا 13:58	شمال مغرب	19:54 تا 20:56	شمال مشرق
اتوار	16	03:08 تا 04:10	10:05 تا 11:02		16:46 تا 17:43	شمال مشرق
سوموار	17	رات 00:01 تا 01:03 صبح 07:13 تا 08:10	13:54 تا 14:51	شمال	20:51 تا 21:54	مشرق
منگل	18	04:10 تا 05:13	11:02 تا 11:59	مشرق	17:43 تا 18:46	جنوب مشرق
بدھ	19	رات 01:02 تا 02:06 صبح 08:10 تا 09:08	14:51 تا 15:48	جنوب مشرق	21:54 تا 22:56	جنوب مغرب
جمعرات	20	05:13 تا 06:20	11:59 تا 12:56	جنوب مغرب		

حصول روحانیت، دفع اثرات بد، جادو، سحر، جنات، طویل عمری

یہ شمارہ شرف زحل نمبر شائع کیا گیا ہے۔ لہذا درج بالا ساعت میں زحل سے متعلقہ مقاصد کو حل کرنے کیلئے وظائف، ورد کرنے کے بعد الواح تیار کر سکتے ہیں۔

اوج عطارد

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	16	07:06 تا 08:00	13:21 تا 14:15	شمال	18:04 تا 20:11	مشرق

دفع جسمانی وروحانی ذہنی امراض، ترقی علم وعقل دانش، تسخیر کائنات

اوج عطارد کی درست ساعت اہل علم کیلئے شائع کر دی گئی ہیں، جس میں دفع جسمانی وروحانی، ذہنی امراض، ترقی علم وعقل دانش کے علاوہ تسخیر کائنات کے لئے الواح تیار کرنے کے علاوہ اعمال کر سکتے ہیں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 26اکتوبر 20:09 تا 28اکتوبر 19:45

ہبوط قمر: 26اکتوبر 23:16 تا 27اکتوبر 00:51

قمر در ثور: 13اکتوبر 06:36 تا 15اکتوبر 14:19

شرف قمر: 13اکتوبر 10:39 تا 12:41

شادی بیاہ کی تاریخیں

1,2,6,7,8,9,13,14,21,29,30

زحل کے بارے میں خیالات اور خدشات

تحریر: رشید منجم «راولپنڈی»

قارئین تحفہ روحانیات! گزشتہ سال جعفریہ جنتری 2010ء صفحہ نمبر 22 اور 23 پر راقم التحریر کی جانب سے مضمون "زحل کے بارے میں خیالات اور خدشات" کے عنوان سے شائع کیا گیا۔ جسے قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند کیا۔ زحل کے بارے میں وہ معلومات دی گئیں جو کہ اس سے پہلے کسی رسالہ میں شائع نہیں ہوئیں۔ چند دوستوں نے اس بات کی جانب توجہ دلائی کہ جعفریہ جنتری کے علاوہ یہی مضمون رسالہ تحفہ روحانیات "شرف زحل نمبر" میں شائع کیا جائے۔ زحل کے بارے میں بہت سے خدشات اور خیالات قارئین کے ذہن میں ہیں اس سیارہ کو یکسر نحس مانا جاتا ہے اور اس کی نحوست کا عرصہ کم و بیش 15 سال پر محیط ہوتا ہے۔ اپنے دوستوں اور قارئین کی تجویز کا احترام کرتے ہوئے قارئین تحفہ روحانیات کے لئے ان کی خواہش پر یہ مضمون تحفہ روحانیات "شرف زحل نمبر" میں شائع کیا جارہا ہے۔

زحل کے ابتدائی تعارف سے بیشتر قارئین واقف ہیں اور گزشتہ ماہ رسالہ تحفہ روحانیات میں "تعارف زحل" کے عنوان سے چیف ایڈیٹر نے مضمون تحریر کیا۔ لہٰذا سیارہ زحل کی ابتدائی معلومات میں نہیں جانا چاہتا۔ اب اصل مضمون کی جانب آتے ہیں۔

قارئین کرام اشرف زحل اپنی مکمل قوت و طاقت سے انشاء اللہ 12 اکتوبر 2011ء کو ظاہر ہو رہا ہے۔ اس دوران سیارہ زحل برج میزان آ جائے گا، برج میزان ہندی یونانی زائچے کا درمیان ہے، سیارہ زحل 21 درجے پر شرف حاصل ہوتا ہے۔ زحل کی پوری نظر جن خانوں پر پڑے گی وہ خانہ ساعت یعنی برج حمل ہے اگر پوری نظر کے چار حصے کر لئے جائیں تو تین حصے نظر اس کی خانہ چار یعنی جدی اور خانہ آٹھ یعنی برج ثور پر پڑے گی خانہ پانچ یعنی دلو اور برج جوزا پر جہاں سے اس کی آدھی (نصف پڑے گی۔ سیارہ زہرہ سیارہ زحل کا دوست ہے ان دونوں میں جو ایک خاص خصوصیت ہے کہ سیارہ زحل کے دور میں سیارہ زہرہ کا دور آ جائے تو سیارہ زہرہ اپنا یعنی ذاتی نحس یا سعد اثر نہیں دیتا بلکہ زحل کا اثر دیتا ہے اور اسی طرح سیارہ زہرہ کے دور ماتحت میں جب زحل کا دور آ جائے تو وہ زہرہ کا اثر دیتا ہے کیونکہ سیارہ زہرہ عورت ہے اور سیارہ زحل مخنث (ہیجڑا) ہے۔ ہندی نجوم میں زحل کا تعلق دوزخ سے بتایا جاتا ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ نے دوزخ میں آگ کا عذاب رکھا ہے وہاں جنات کے لئے جو آگ سے بنے ہیں ان کو سیارہ زحل پر عذاب دیا جائے گا کیونکہ زحل ان کے نزدیک انتہائی سرد ترین سیارہ ہے کئی اساتذہ کے نزدیک زحل کی آنکھیں بھینگی ہیں، اس لئے یہ ترچھی نظر سے دیکھتا ہے۔ کئی نام نہاد نجومی زحل کی ساڑھ ستی کو خانہ چھ سات آٹھ سے قرار دیتے اور کئی خود ساختہ نجومی شمس سے اس کی ساڑھ ستی قرار دیتے ہیں جو سراسر بیوقوفانہ اور احمقانہ بات ہے زحل کی ساڑھ ستی سیارہ قمر سے دیکھی جاتی ہے۔ قمر زحل سے خانہ بارہ طالع اور خانہ دو میں زحل بیٹھا ہے تو ساڑھ ستی گنی جائے گی، یونانی نجوم میں ساڑھ ستی کا کوئی تصور نہیں سوائے ہندی زبان کے یہ لفظ دنیا کی کسی زبان میں نہیں ہے۔ ہندی نجوم کے استادان کا کہنا ہے کہ سیارہ زحل جہاں جس گھر میں بیٹھتا ہے اس گھر کی منسوبات کو تباہ کرتا ہے اور جن گھروں کو دیکھتا ہے ان کی ترقی کرتا ہے اب نجومی کو آگہی اور شعور ہونا چاہئے کہ زحل اگر ترقی کرے گا وہ ترقی مثبت ہوگی یا منفی ہوگی، زحل کو نحس سیارہ گنا جاتا ہے مگر حقیقت میں دیکھا جائے تو زحل ایک بہترین استاد ہے جو ساڑھ ستی میں عزیز رشتہ داروں اور کھوٹے کھرے کی پہچان کرا دیتا ہے تاکہ انسان آئندہ بچے۔ زحل کی رفتار دیگر سیاروں کی نسبت بہت ست ہے اس لئے ایک برج میں تقریباً اڑھائی سال کا عرصہ گزارتا ہے۔ یہ زائچہ کے جس گھر میں ہو اس کے آخر نکلنے سے چھ ماہ پہلے بھرپور اچھا یا برا اثر دیتا ہے۔ اگر زحل قمر سے ساتویں گھر میں ہو تو ایسا شخص غریب لوگوں کا ہمدرد، شادیاں ایک سے زیادہ ہوتی ہیں اور روزی آسانی سے حاصل ہوتی ہے جس برج میں زحل ہو وہاں سے پانچویں گھر میں شمس ہو یعنی درمیانی فاصلہ 120 درجوں کا ہو تو زحل کو رجعت ہو جاتی ہے اور جس برج میں رجعت کر کے آتا ہے اس برج کو پانچ ماہ میں طے کرتا ہے اور جب زحل 15 درجے شمس سے پیچھے ہوتا ہے تو حالت غروب ہو جاتا ہے،

(جبکہ آغاز شرف زحل پر زحل 1 درجہ 16 دقیقہ شمس سے پیچھے ہے۔ اس لیے

زحل حالت غروب میں نہیں ہے) زحل کا کام رکاوٹ ڈالنا نہیں یہ اس خانے کی منسوبات کو سکیڑ دیتا ہے۔ مثال کے طور پر کسی کے قد کے خانے پر دیکھا تو قد چھوٹا ہو گیا اب برج میزان میں بیٹھ کر جن پر نظر ڈالے گا ان کا انتہائی مختصر سا جائزہ پیش خدمت ہے۔ برج حمل میزان سے خانہ سات ہے یہاں سے زحل کی پوری نظر اس خانے پر پڑے گی جس کی وجہ سے حمل والوں ذرائع آمدن محدود ہو جائیں گے، خانہ آٹھ زحل کی نظر 3/4,3 پڑنے سے گھریلو اور کاروباری الجھنیں بڑھیں گی۔ خانہ 4 پر زحل کی نظر سے مکان اور کاروبار کی پریشانیاں بڑھیں گی اور جہاں آدھی نظر آئے گی تو تعلیمی معاملات میں رکاوٹیں، اخراجات کی زیادتی زحل کے نحس اثرات دور کرنے یا کم کرنے کے لئے جو پائے صدقات ہیں وہ یہ ہیں نیلم لوہا تل سرسوں کا تیل کالا کپڑا، زحل کی تیسری اور دسویں نظر بہت نحس مانی گئی ہے، اب میزان میں بیٹھ کر جن دیگر سیاروں کو دیکھے گا تو ان کے کیا احکامات ہیں۔

یہ ذہن میں رکھیں کے کہ اگر زحل برج میزان یا برج ثور میں بیٹھ کر دیگر سیاروں کو دیکھتا ہے تو اس کے احکام ایک سے ہوں گے کوئی خاص فرق نہیں ہوگا۔

اگر برج میزان میں زحل کو سورج دیکھتا ہو تو کتابوں کے مطالعہ کا شوقین ہوتا بات چیت کرنے میں بہت ہوشیار ہوگا اگر کھانا اسے مقررہ اوقات میں نہ ملے تو غصہ سے پاگل ہو جائے۔ مال و دولت واجبی ہوتی ہے ادھار اٹھا کر بھی خرچ زیادہ کرتا ہے۔


اگر سیارہ قمر دیکھے تو سرکاری ملازمت کرتا ہے۔ مال و دولت اور جائیداد میں سکھی رہے معاشرے میں عزت زیادہ ہوتی ہے، بیوی سے سکھ اور آرام ملتا ہے۔ ایک قد آور اور مضبوط جسم کا مالک ہوتا ہے۔ اگر سیارہ مریخ کی نظر ہو تو ہر وقت لوگوں سے لڑائی جھگڑا کرنے پر تیار ہے، بہت زیادہ باتیں کرنے کا شوقین اور دشمنوں پر حاوی رہتا ہے، اپنی تعریفیں لوگوں سے خود کرتا ہے۔

اگر عطارد زحل کو دیکھ رہا ہو تو برے لوگوں سے دوستی، بری عورتوں کے پاس جاتا ہے۔ دولت جائیداد کا نقصان کرتا ہے گفتگو کرنے کا انداز مزاحیہ ہوتا ہے اگر عطارد الٹا ہو کر نظر بنائے تو ایسا شخص شاعر ہوتا ہے۔ اگر مشتری کے ساتھ زحل کی نظر ہو تو ایسا شخص رحمدل، نیک نام اور دوسروں کی مدد کرنے والا ہوتا ہے۔ سخی مزاج طبیعت ہوتی ہے بڑی ہمت والا مشکل وقت میں گھبراتا نہیں، لوگوں میں عزت اور وقار سے رہتا ہے۔

اگر سیارہ زہرہ کو زحل دیکھے تو جواہرات کا کام کرتا ہے۔ دولت مند اور آسودہ مال رہے مگر غیر عورتوں سے تعلقات رکھتا ہے۔ عزت، شہرت ہوتی ہے جسمانی طور پر طاقتور ہوتا ہے زگر زحل راہو کو دیکھے تو مشتری کے احکام ہوں گے اگر کیتو کو دیکھے تو تباہی بربادی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

میں یہ بات دعویٰ سے لکھ رہا ہوں کہ پاکستان میں نجوم کے متعلق چھپنے والے رسائل میں سیارہ زحل کے متعلق اتنی تصیل سے نہ کسی نے مضمون لکھا اور نہ ہی آپ نے پڑھا ہوگا یہ شرف جعفریہ جنتری کو حاصل ہے، جس میں آپ اتنی تفصیل سے پڑھ رہے ہیں۔ زحل کیا ہے اس باریکی میں کوئی نہیں جاتا سب اس سے خوف کھاتے ہیں پتہ نہیں زحل کیا کر دے۔

میں مصر کے شہر سکندریہ میں مقیم تھا تو وہاں پر محمد فرج نام کے ایک یونانی نجوم کرنے والے استاد تھے، یونانی نجوم میں واقعی انہیں کمال حاصل تھا، میں ان کے پاس جاتا تھا بڑے درویش طبع بزرگ تھے۔ مجھ سے کوئی بات نہیں انہوں نے چھپائی، اتنی تفصیل اور باریکی سے سمجھاتے تھے کہ عقل دنگ رہ جاتی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں فرعون کی اولاد سے ہوں اور اس پر مسلمان ہونے کے باوجود فخر کرتے تھے۔ وہ فرعون کی اولاد سے تھے یا نہیں بہر صورت میں نے زندگی میں ایسا یونانی نجومی نہیں دیکھا۔ وہ کسی کو تعویز یا نقش وغیرہ بنا کر نہیں دیتے تھے زیادہ خواتین ان کے پاس آتی تھیں، جنہیں وہ سات سیاروں کی طلسم بنا کر اس کی موافق دھات پر بنا کر دیتے تھے، طلسم بنانے کی فیس وہ تین مصری پونڈ لیتے تھے۔ سیارہ زحل کے متعلق جو لکھا ہے اس میں کافی معلومات انہیں کی بتائی ہوئی ہیں۔ وہ سکہ پر زحل کا طلسم بنا کر دیتے تھے میں اس طلسم کی نقل بنا کر آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اگر فائدہ ہو تو فرج کے حق میں دعا کریں کہ اللہ ان کے درجات بلند کرے۔ عبرانی زبان کی ابجد مجھے انہوں نے سکھائی تھی۔



شرف زحل کے نئے علمی پہلو

تحریر: ابن نجم (راولپنڈی)

قارئین میں آپ کو شرف زحل کی لوح کی ایک ایسی لوح سے متعارف کراؤں جو کبھی آپ نے نہ دیکھی ہوگی اور نہ کسی سے سنی ہوگی لوح کی شکل آگے چل کر آئے گی۔ پہلی بات اس لوح حصول صابی فرقہ سے حاصل ہوا صابیوں کے بارے میں تفصیلی مضمون رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع ہو چکا ہے۔ صابی فرقہ سیاروں کو خدا مانتا ہے اور انسانی تقدیر کا خالق اور مالک سمجھتا ہے، زحل کو خدا کا مظہر سمجھتے ہیں اور ہر ہفتہ اور اتوار کو اس کی طرف منہ کر کے عبادات کرتے ہیں اور اس سے حاجات مانگتے ہیں یہ فرقہ اب بھی عراق کے دیہات میں موجود ہے ان کے بڑے مذہبی پروہت کو عقال کہا جاتا ہے۔

ان کا کہنا ہے کہ آدم علیہ السلام پہلے اور حضرت یحییٰ علیہ السلام آخری پیغمبر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمارا مذہب حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے کا ہے اور نمرود کا دین بھی صابی (ستارہ پرست) تھا۔ گویہ ان کا عقیدہ ہے۔ یہ لوگ چاندی کے زیورات، کشتی بنانا، کھالوں اور چمڑے کا کام کرتے ہیں بحث مناظرے سے گریز کرتے ہیں۔ میری ان سے ملاقات کیسے ہوئی اور مجھ سے کیسے کھلے یہ ایک لمبی کہانی ہے جو پھر کبھی لکھوں گا۔

مذہبی پروہت عقال نے مجھے چار سیاروں کی لوح سکھائی جن میں سے ایک زحل، دوسرا مشتری، تیسرا شمس اور چوتھا سیارہ زہرہ کی الواح ہیں۔ سیارہ زحل کی لوح کے بارے میں جب تک زحل برج میزان میں رہے۔ یہ زحل بنائی جاسکتی ہے وہ زحل کے غروب کو نہیں مانتے ان کا کہنا ہے کہ خدا کبھی غروب نہیں ہو سکتا ہے۔ زحل کی لوح کالی سیاہی جس میں سرکہ، نیل، نوشادر، ابرک اور سونا مکھی پیس کر ملائی جاتی ہیں، یہ لوح کاغذ یا سکہ پر بنائی جاتی ہے، بخورات میں مگر بتی جلائی ہے مگر بتی (اگر بتی نہیں) پنساریوں سے مل جاتی ہے اور شمال کے رخ پر جلائیں۔ یہ مضمون چند نااہل اور ناکام نجومیوں کے پھیلائے ہوئے گند کی صفائی کے لئے لکھ رہا ہوں۔

میں سمجھتا ہوں کہ میرے نزدیک سب سے بڑی گالی اور کیا ہو سکتی کہ کوئی نجوم کا غلط حکم لگائے یہ صاحبین اپنی دلیل کے بارے میں اتنے پختہ ہیں تو چار اچھے نجومی بٹھا کر ان سے رائے لیتے، پھر اس کو مشتہر کرتے ان کو یہ بھی پتہ نہیں کہ زحل کو کس منزل پر جا کر شرف ہوتا ہے کیا بیس (20) درجہ کے بعد شرف شروع ہوتا ہے یا اکیس (21) درجے پر شرف ہوتا ہے اگر کسی سے نجوم سیکھا ہوتا تو انہیں معلوم ہوتا کہ شمس برج میزان میں خود کمزور ہے، کبھی یہ صاحب فرماتے ہیں شرف راس میں جدائی کے نقش موثر ہوتے ہیں، ان کے شاگرد فرماتے ہیں پہلا برج حمل نہیں برج اسد قرار دینا چاہیے۔


ہمارے علاقہ میں شروع میں جب انگریز نے پانی کے نلکے لگوائے تو ہمارے دیہاتی بھائی گھٹنوں کھڑے ہو کر دیکھتے جب نلکے سے پانی نکلتا تو کہتے کہ قربان جائیں انگریز سے جس نے لوہے سے پانی نکال دیا۔ میں بھی قربان جاؤں ان کے شرف زحل کی تحقیق پر، کہیں بہتر ہے یہ صاحب نجوم کے استاد نہ بنیں بہاول پور صوبے کی تحریک پر توجہ دیں تا کہ لاکھوں انسانوں کا بھلا ہو سکے۔ خواہ اس کی دماغی کیفیت ایسی ہے تو شاگردوں کو کیا پڑھاتے ہوں گے۔

خدارا! نجوم سے لوگوں کو گمراہ نہ کریں اگر آپ کے پاس کوئی دلیل ہے تو وہ دیں زیادہ نام چھپوانے سے انسان استاد نہیں بن جاتا، علم کو سیکھیں پھر بات کہیں ورنہ خاموش رہیں تا کہ آپ کا بھرم قائم رہے ان کا ایک دوست ہے جن کا فرمانا ہے کہ پاکستان 15 اگست کو بنا تھا میں اس بحث میں نہیں پڑتا صرف حضرت قائداعظمؒ نے فرمایا تھا کہ پاکستان اس دن وجود میں آگیا تھا جب برصغیر میں پہلا مسلمان ہوا تھا قائداعظم کو آج تک ان کی پیدائش وزیر مینشن کراچی بتائی جاتی ہے جبکہ وہ سندھ کے ایک گاؤں جھرک میں پیدا ہوئے جس کو یقین نہیں وہ جھرک جا کر وہاں کے رہائشیوں سے تحقیق کرے اب ہندی نجوم شرف زحل کے بارے میں کیا کہتا ہے وہ دیکھتے ہیں۔

ہندی نجوم میں زحل کے نحس اثرات دور کرنے کے لوح طلسم نقش نہیں ہے وہ اس کے نحس اثرات دور کرنے کے لئے منتر بتاتے ہیں وہ منتر یہ ہے:

اوم پرانگ پرینگ پرونگ سیہ شنیہ نمہ پڑھنے کی تعداد 23 ہزار ہے۔

اب صابئ فرقہ کی لوح کے بارے میں نقشہ دیتا ہوں۔



اس لوح کو گلے میں ڈالیں۔ لیکن لوح کو اسی وقت تیار کریں جب عین نقطہ شرف زحل ہو یعنی ساعت زحل بھی ہو، یہ تمام ساعتیں انشاء اللہ رسالہ ہذا میں شائع کی گئی ہوں گی۔ بہتر ہے کہ دن میں زحل کی تیسری ساعت جو کہ عموماً رات کے وقت ہوتی ہے جب تالابی زحل ہو۔ یعنی دن ہفتے کا قرار پائے گا۔ مختصر کہ 12 تا 20 اکتوبر ہفتے کا دن آئے اس دن، سورج طلوع ہونے کے ٹھیک 14 گھنٹے بعد 15 ویں گھنٹے میں اس لوح کو تیار کر کے گلے میں ڈال لیا جائے۔

اب زحل کے بارے میں ایک اہم نقطے کی بات لکھوں گا وہ یہ جب زحل شمس کے قریب یا تحت الشعاع ہوتا ہے اس کی رفتار میں تیزی آ جاتی ہے اور وہ اپنی مقررہ رفتار سے ایک دن میں آٹھ دقیقے تیز ہو جاتا ہے جب شمس سے زحل 3 برج دور ہو تو اس کی رفتار تین سے چار دقیقے ہوتی ہے جب شمس سے زحل چار برج دور ہو تو اس کی رفتار ایک دقیقہ روزانہ کی رہ جاتی ہے جب زحل رجعت میں اور آٹھ ماہ مستقیم رہتا ہے اور اپنی اصلی رفتار پر چلتا ہے۔ میں نے جو کچھ زحل کے متعلق استادوں سے سیکھا نجوم کی کتابوں میں پڑھا وہ آپ تک پہنچا رہا ہوں، میرا کوئی دعویٰ نہیں کہ میں بہت بڑا نجومی یا استاد ہوں۔ میری عمر تقریباً 70 سال کے قریب ہے اب بھی میں نجوم سیکھ رہا ہوں۔ شرف زحل کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے اب اس مضمون کی ضرورت نہ تھی مگر نقاش صاحب کی کم علمی اور نجوم کے ساتھ مذاق کی وجہ سے لکھنے پر مجبور ہو گیا تا کہ قارئین کرام تک صحیح معلومات پہنچ پائیں تا کہ جاہلوں کی قلعی کھل جائے ورنہ میں تو جواب جاہلاں خاموش باشد کے فارمولے پر عمل کرتا ہوں۔ میرے استادوں کی نصیحت تھی اگر کوئی بات پوچھے صاف بتانا اگر نہیں پتہ تو کہہ دینا مجھے نہیں پتہ۔ ورنہ علم تم سے چھن جائے گا۔ میں بین الاقوامی شہرت کے حامل پامسٹ میر بشیر کے پاس چار سو روپے مہینہ پر کام کرتا تھا وہ طویل مدت تک مجھ سے ایک سوال پوچھتے رہے کہ اگر زحل تیسرے گھر میں ہو تو کیا ہوتا ہے میں اس کا کیا جواب دیتا۔ سو میرے مذاق بھائی کسی سے نجوم سیکھیں، انٹ شنٹ مضمون لکھ کر اپنا تماشہ نہ بنائیں مجھے ان رسائل والوں کی سمجھ نہیں آتی جو اس طرح کے عوام کو گمراہ کرنے والے مضامین شائع کرتے ہیں۔ بجائے نجوم پھیلانے کے لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، مضمون کو بھی پڑھ لیا کریں اور جانچ کیا کریں۔ میں نے جو سچ تھا وہ لکھ دیا کوئی بات بری لگی ہو تو معذرت خواہ ہوں۔ رومی کشمیر میاں محمد صاحب فرماتے ہیں کہ:

علمے دا مان نہ کریں مت آکھیں کہ میں پڑھیا
او جبار قہار کہلاوے متے روڑ دیوے دودھ کڑھیا

قواعد نجوم

ملاقات ہو گی یا نہیں:

کوئی شخص آ کر سوال کرتا ہے کہ فلاں شخص سے ملنے جاتا ہوں مگر اس سے ملاقات نہیں ہوتی، چکر لگا کر تھک چکا ہوں مجھے بتائیں کہ اس سے کب ملاقات ہو گی آپ وقتی زائچہ بنائیں اور دیکھیں کہ خانہ سات کا مالک کیندر گھروں (ایک دس، سات چار) میں قوی حالت میں پڑا ہے) تو سوال کرنے والا جائے ملاقات ہو جائے گی۔ اگر سات کا مائل اوتاد گھروں (تین، چھ، نو، بارہ میں پڑا ہے) تو وہ شخص گھر کے قریب ملے گا، اگر خانہ سات کا مالک ضعیف، ہبوط یا تحت الشعاع یا وبال یا منقلب برج میں بیٹھا ہو تو ملاقات نہیں ہو گی، لہذا خانہ سات کے مالک کا جو حال ہے وہی ملاقات والے شخص کا ہو گا جو نظریات طالع کے مالک اور خانہ سات کے مالک ہوں گے وہ حالات وقوع پذیر ہوں گے۔

معشوق ملے گا یا نہیں؟

اس سوال کے خانہ پانچ کو دیکھیں اگر خانہ پانچ کا مالک طاقت ور ہے یا خانہ ایک، چار، دس، سات میں پڑا ہے تو معشوق اس کی طرف راغب ہے۔ اگر متذکرہ گھروں میں سیارہ نہ ہو راغب ہونے کی کوئی امید نہیں۔ اگر پانچ کا مالک طالع میں الٹا ہو تو معشوق کے دل میں عاشق کی طرف سے ملال ہے۔ اگر پانچ کا مالک تین، چھ، نو یا بارہ میں پڑا ہے تو اسے عاشق سے کوئی رغبت نہیں۔ اگر پانچ کا مالک طالع کے مالک سے خانہ پانچ میں قران کرے یا خانہ 11 میں قران کرے اور سیارہ قمر کی اس پر نظر ہو تو معشوق سے جنسی تعلقات ہو جائیں گے۔ عاشق کے حالات طالع سے اور معشوق کے حالات خانہ پانچ سے بیان کرنا چاہیے۔ اگر سائل سوال کرے کہ معشوق کے تعلقات کسی اور سے تو نہیں تو پانچ سے خانہ پانچواں یعنی خانہ 9 دیکھنا چاہیے۔ اس کے اور بھی احکام ہیں چونکہ یہ مواد خواتین بھی پڑھتی ہیں۔ اس بات کو مدنظر رکھ کر نہیں لکھ رہا، ورنہ معشوق کے جنسی تعلقات کے بارے میں ایک کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ یہ سارا مواد پنڈت کوکا کی کتاب کام شاستر میں موجود ہے اور اس پر فلم کاماسترا کے نام سے بن چکی جو سی ڈی والوں سے دستیاب ہے۔ جو صاحب تشنگی محسوس کرتے ہیں وہ سی ڈی لا کر دیکھ لیں۔

شرف زحل

رحمکاریہ جفر

تحریر:۔ سید شعیب الرحمٰن شاہ (ایبٹ آباد)

اس سال 12 اکتوبر 2011ء دوپہر 02:03 منٹ تا 20 اکتوبر صبح 10:56 پر زحل کو 29 سال بعد شرف حاصل ہوگا۔ زحل نحس اکبر کہلاتا ہے۔ یہ پابندیاں، ثابت قدمیاں اور صبر وتحمل کو پسند کرتا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو دولت کا عدد بھی 8 بنتا ہے۔

د و ل ت

400 30 6 4

440=

8= 4 + 4+0

یعنی بغیر زحل کی مدد سے انسان دولت حاصل نہیں کرسکتا۔ کیونکہ میں زندگی میں بہت سے لوگوں سے ملا ہوں۔ ایک آدمی کا زائچہ چیک کیا تو مشتری شرف میں کھڑی تھی۔ جبکہ زحل وبال میں کھڑا تھا۔ اگر دیکھا جائے تو اس آدمی کو دولت مل گئی اور بعد میں ایسی تباہی آئی کہ کنگال ہوگیا۔ جس شخص کے پاس لوح زحل ہوگی۔ وہ ترقی دولت، ترقی فتوحات اور ترقی کامیابی زحل کی نحوست زندگی میں کئی بار آتی ہے۔ زحل برج سرطان میں جون میں چلاجائے گا۔ تو بہت سے لوگوں پر غم کی آندھیاں چلادے گا۔ تو برج سرطان والے پر زحل کا دوسرا دور چلادے گا اور اس کی نحوست برطرف ہوجائے گی۔ اور برج اسد والے متاثر ہونا شروع ہوجائینگے۔ برج حمل والے کو بھی متاثر کریگا۔ تو یہ مقابل برج جدی والے پر اور برج حوت والے پر اور برج عقرب والے پر نحوست شروع ہوجائیگی۔ آج کی محفل میں قارئین تحفہ روحانیات کیلئے حکیم افلاطون اور حکیم معظم ہندی کا ایک خاص عمل لیکر حاضر ہوں۔ جن لوگوں پر ستارہ زحل کی نحوست چل رہی ہے۔ وہ یہ لوح تیار کروائیں۔ زحل کو برج سرطان میں وبال ہوتا ہے۔ اسمیں میں نے اعداد شمسی کا عمل پر تاثیر ہوتا ہے۔ مگر اسکے حساب میں غلطی سے رجعت کا اثر اکثر دماغ پر ہوتا ہے۔ یہ لوح اگر خود تیار نہ کرسکیں تو محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

(1) آیت:۔ سبحان ربك رب العزت عما یصفون سلام علی المرسلین والحمدالله رب العالمین

اعداد شمسی=19098۔ **(2) قل اللھم مالك الملك تا بغیر حساب** (اعداد شمسی=60466

(3) مقصد فتوحات = انا فتحنا لك فتحا مبینا اعداد شمسی= 5025 **طالب افتخار حسین** ،اعداد شمسی=1958

کل اعداد=86547 تفریق=38610

تقسیم=4 باقی=1

توخانہ نمبر3 میں 1 کا اضافہ اب 11984 کوخانہ میں لکھ کر خانہ نمبر16 تک 1287 کا اضافہ کرنا ہے اور ساتھ میں

الله لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھوالقوی العزیز

کا ورد بھی کرنا ہے یعنی خانہ نمبر1 لکھ کر پھر 1287 مرتبہ آیت پڑھکر لوح پر دم کریں پھر خانہ دوم لکھیں اسطرح خانہ نمبر 16 تک ورد کرنا ضروری ہے۔ میزان چاروں طرف سے درست آئیگی یہ لوح چاندی پر یا 50 کے نوٹ پر یا سعودی ریال پر یا امریکن ڈالر پر لکھ سکتے ہیں۔ یہ حکیم افلاطون کا قاعدہ تھا۔ یہ لوح ساعت زحل میں بنا سکتے ہیں۔ اس مثلث میں اگر لوح زحل تیار نہ کیا پھر ڈھائی سال کمزور حالت میں ہوگا۔ ہر آدمی کو دعوت دیتا ہوں کہ اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۶	۱۱	۶	۱
۵	۲	۱۵	۱۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷

۷۸۶

جبرائیل

۳۱۲۹۰	۲۳۸۵۴	۱۸۳۱۹	۱۱۹۸۴
۱۷۱۳۲	۱۳۲۷۱	۳۰۰۰۳	۲۶۱۳۱
۱۳۵۵۸	۲۰۹۹۳	۲۲۲۸۰	۲۸۷۱۲
۲۳۵۶۷	۲۷۳۲۹	۱۵۸۳۵	۱۹۷۰۲

وَكَفٰى بِاللهِ شَهِيْداً مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ الله

رحمکاریہ جفر دعوت حروف نورانی

سب سے پہلے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں درود وسلام، دعوت حروف نورانی بہت ہی پُر تاثیر دعوت ہے وہ حضرات جن کی زندگی چلوں میں گزر چکی ہو اور ہر عمل ناکام ہو چکا ہو تو ان کے لئے دعوت حروف نورانی کا ایک آسان طریقہ کے ساتھ حاضر ہوں۔ یہ عمل خصوصی طور پر قارئین کی نذر کرتا ہوں عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

عمل کسی بھی ماہ جس کے پہلے چودہ دنوں میں قمر در عقرب نہ ہو اور ستاروں کے نظریات سعادت بنتے ہوں، شروع کیا جاسکتا ہے۔ نئے چاند سے 14 دن تک روزانہ 1400 مرتبہ حروف نورانی لکھیں جو یہ ہیں:

الـر۔ کھیٰعص طٰسٓ۔ حٰم۔ قٓ۔ نٓ

یہ حروف روزانہ 1400 مرتبہ لکھیں اور اس کے ساتھ روزانہ 2800 مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں اور اس کا ثواب چودہ معصومین علیہ السلام کو بخش دیں، کیونکہ 14 حروف نورانی ہیں۔ 14 معصومین علیہ السلام کے بزرگ نام مخفی ہیں۔ اوّل وآخر 92 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ چاند کی 15 تاریخ سے 30 تاریخ تک روزانہ 5000 مرتبہ پڑھیں۔ ایک ماہ میں حروف نورانی کی زکات اکبر ادا ہو جائے گی۔ حروف نورانی کی اس عمل کی تمام قاری حضرات کو دعوت ہے۔ کسی قسم کی پرہیز نہیں جو شریعت نے منع کیا ہو۔ اس عمل کے لئے اجازت لینا ضروری ہے۔ اس کا اجازت نامہ خصوصی طور پر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے حاصل کریں تاکہ عمل میں کامیابی یقینی ہو۔ بغیر اجازت عمل کرنے سے اگر رجعت ہو جائے تو یہ ایک دردناک عذاب کی طرح ہوگا۔ اس لئے اجازت لینا شرط ہے۔ ہمارے پاکستان میں حروف نورانی کے چند عامل ہیں۔ بہت ہی کم لوگ اس علم کو جانتے ہیں۔

رحمکاریہ جفر لوح تقدیر اکبر

سب سے پہلے تو اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے انسان کی رہنمائی کیلئے عظیم کتاب قرآن پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمائی جو رہتی دنیا تک تمام انسانوں کیلئے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ لوح تقدیر اکبر رحمکاریہ جفر کے کمالات میں سے ہے۔ اکتوبر نومبر میں کچھ خاص نظرات بن رہے ہیں جس کے مطابق ایک خاص مضمون کے ساتھ حاضر ہوں۔

پہلی نظر >26 اکتوبر مریخ تسدیس زحل مکمل دوپہر 1:20 منٹ پر آدھی رات کو قائم ہوگی۔

دوسری سعادت اکبر نظر >08 نومبر کو زہرہ قران عطارد صبح 09:37 منٹ پر قائم ہوگی۔

تیسری سعادت اکبر نظر >16 اکتوبر اوج عطارد دوپہر 4:43 تا رات 08:06 قائم ہوگی۔

چوتھی سعادت اکبر نظر >19 اکتوبر اوج مریخ 21:45 تا 21 اکتوبر 16:44 قائم ہوگی۔

پانچویں سعادت اکبر >17 نومبر مریخ تثلیث مشتری مکمل نظر 03:09 پر قائم ہوگی۔

چھٹی سعادت اکبر نظر >22 نومبر زہرہ تسدیس زحل 13:20 منٹ پر مکمل نظر قائم ہوگی۔

ساتویں سعادت اکبر نظر >28 نومبر زہرہ تثلیث مشتری مکمل نظر 02:42 منٹ پر قائم ہوگی۔

ان تمام نظرات سے مکمل فائدہ حاصل کرنے کیلئے ماہنامہ تحفہ روحانیات اکتوبر نومبر 2011ء کے صفحات ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال میں شائع کردہ مکمل ساعت سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

اگر کسی کو جائیداد کی ضرورت ہو تو وہ زحل کی ساعت میں کام کریں اگر کوئی یہ چاہے کہ کاروبار ترقی کرے، دولت ملے، عزت ملے تو وہ مشتری زحل تثلیث سے کام لیں، اگر کوئی بیمار ہو اور شفاء کی ضرورت ہو تو وہ عطارد زحل تثلیث سے کام لیں۔ یہ لوح تقدیر اکبر علم الجفر کے کمالات میں سے ہے۔ یہ عمل میرے پیر مرشد حضرت شیخ رحمکاریہ المعروف حضرت زیارت کا کا صاحب کی نظر شفقت سے ایک ولی کامل نے مجھے عطا کیا ہے۔

اکثر لوگ دنیا میں پریشان ہوتے ہیں اور تقدیر کا رونا روتے ہیں کہ یہ تمام چیزیں میرے ساتھ کیوں ہو رہی ہیں۔ ہر وقت تو تو میں میں کرتا رہتا ہے کہ پتہ نہیں کون سی منحوس گھڑی تھی کہ جس میں میں پیدا ہوا۔ آخر یہ حالات میرے ساتھ کیوں ہیں۔ جب اس سے کوئی پوچھے کہ تمہیں کیا تکلیف ہے تو کہتا ہے کہ دشمن نے تنگ کیا ہے اور رزق کے دروازے مجھ پر بند ہیں۔ میرے دوست ترقی کر گئے ہیں اور میں برباد ہو گیا ہوں تو ان سب مسائل کے حل کے لئے ادارہ سے رابطہ کریں۔ یہ لوح تقدیر اکبر رحمکاریہ جفر کے کمالات میں سے ہے۔ لوح تقدیر اکبر کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

(1) اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔ سورہ نور (آیت نمبر 35 پارہ 18)۔ (2) اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ (3) اپنا نام مع والدہ کو امتزاج دیں، پھر ان دو آیتوں کو امتزاج دیں، پھر ان تمام حروف کو ایک سطر میں لکھ کر تکسیر کرے۔ یہاں تک کہ زمام نکل آئے۔ پھر تمام نکل

شدہ زمام سے (1) آتشی حروف الگ کر کے آتشی چال مثلث میں ان کے اعداد نکال کر پُر کریں۔(2) پھر ان تمام زمام شدہ حروف سے آبی حروف نکال کر ان حروف کے اعداد نکالیں اور اعداد سے آبی چال مثلث پُر کریں۔(3) ان تمام زمام شدہ حروف سے بادی حروف نکال کر ان کے اعداد نکالیں اور اعداد سے بادی چال مثلث پُر کریں۔(4) ان تمام زمام شدہ حروف سے خاکی حروف نکالیں اور ان کے اعداد نکالیں اور اعداد سے خاکی چال مثلث پُر کریں۔(5) ان تمام زمام شدہ حروف سے حروف ناطقہ اور حروف نورانی نکال کر نقش مخمس پُر کرے۔ نقش مخمس پُر کرنے کا طریقہ بھی مندرجہ ذیل ہے:

کل اعداد سے 60 تفریق کرے، باقی کو پانچ پر تقسیم کریں اگر تقسیم سے کچھ باقی بچے تو قانونی طور پر حروف نورانی کا کوئی اسم اعظم ہو تو اس میں جمع کریں۔ تاکہ نقش میں کسر نہ آئے۔ اس طریقہ سے نقش بہت طاقتور پُر ہوتا ہے۔ نقش مخمس کی چال یہ ہے:

۲۴	۱۹	۱۳	۷	۱
۸	۲	۱۲	۲۰	۱۴
۱۶	۱۵	۹	۳	۲۲
۴	۲۳	۱۷	۱۱	۱۰
۱۲	۶	۵	۲۴	۱۸

نقش مثلث بنانے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے، کل اعداد سے 12 تفریق کرے، باقی کو 3 پر تقسیم کرے، اگر تقسیم سے باقی 1 رہا تو خانہ نمبر 7 میں 1 کا اضافہ کرے۔ اگر باقی 2 ہو تو خانہ نمبر 4 میں 1 کا اضافہ کرے۔ چاروں چالیں مندرجہ ذیل ہیں:

آتشی چال

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بادی چال

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی چال

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خاکی چال

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

جب تمام نقوش پُر ہو جائیں تو تمام نقوش کے نیچے **وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ** لکھ لیں۔ اور اس پر 1100 مرتبہ آیت نور اور 1287 مرتبہ آیت اللہ لطیف تا القوی العزیز پڑھ کر دم کریں، ان نقوش کی تاثیر ان کی برکت سے بڑھ جائے گی۔

(1) اب آتشی مثلث کو 11 اکتوبر زہرہ مریخ کی تثلیث میں لکھیں اور کل نقوش 110 بنائیں اب 110 نقوش کو مٹی کے برتن میں بند کر کے اوپر روئی رکھ کر ڈھکنا بند کر دے، یعنی آتشی مثلث ہے۔ جو نقش پُر ہوا ہے وہ 110 نقوش لکھیں اور مٹی کے برتن میں بند کر کے چولہے میں دفن کریں اور اوپر آگ جلائیں اور آخری نقش چاندی یا تانبہ پر تیار کریں اب یہ کل نقوش 111 ہو جائیں گے اور تانبہ یا چاندی والا نقش صندوق میں رکھیں۔

(2) بادی، نقوش بادی مثلث جو بادی حروف سے مثلث پُر ہوا ہے وہ 18 اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تثلیث میں کل 111 نقوش لکھیں۔ اور آخری نقش تانبہ پر یا سلور پر تیار کریں۔ اب 111 نقوش کو الگ الگ بند کر کے اس کو سبز رنگ کے کپڑے میں بند کر کے انار کے درخت کے ساتھ باندھیں اور آخری نقش سلور یا تانبہ والا اپنے گھر کے دوسرے صندوق میں رکھیں۔

(3) آبی حروف سے جو مثلث پُر ہوا ہے اس کو 25 اکتوبر کو شمس عطارد کا قران قائم ہو رہا ہے یا 28 اکتوبر کو عطارد مریخ کی تثلیث بن رہی ہے اس میں 113 نقوش پُر کریں اور آخری نقش یعنی ایک سو چودھواں نقش خالص سلور پر لکھیں۔ اب ایک بڑی بوتل یا گیلن یا مٹی کا گھڑا لے کر اس میں پانی ڈالیں اور تمام نقوش پر موم بتی کا موم لگا کر اس گڑھے میں رکھ کر اس کے اوپر سات چشموں کا پانی ڈال کر گھر کے کسی محفوظ کونے میں دفن کر دیں اور خالص سلور والے نقش کو پانی والی ٹینکی کے نیچے یا اس کے اندر رکھیں۔

(4) خاکی حروف سے جو خاکی مثلث پُر ہوا ہو زہرہ زحل کی تثلیث میں پُر کریں اور کل نقوش 135 لکھنے ہیں۔ 134 نقوش کاغذ پر لکھیں اور آخری نقش خالص چاندی پر یا خالص سلور پر تیار کریں۔ اب 134 نقوش کو مٹی کے برتن میں بند کر کے گھر میں دروازے کی سائیڈ پر کسی محفوظ جگہ میں دفن کریں اور چاندی اور سلور والے نقش کو اپنے گھر میں صندوق میں رکھیں، اب آتشی آبی، بادی، خاکی لوح کو نکال کر آتشی لوح کو گھر میں مشرق کی طرف لٹکا دیں، بادی لوح کو گھر میں مغرب کی طرف لٹکا دیں اور آبی لوح کو گھر میں جنوب کی طرف لٹکا دیں اور خاکی لوح کو گھر میں شمال کی طرف سے لٹکا دیں۔ اب آخری نقش حروف ناطقہ اور حروف نورانی کے اعداد سے نقش مخمس شمس زحل تثلیث یا شمس مشتری تثلیث میں یہ لوح خالص سلور پر

تیار کریں اور تمام زمام شدہ حروف سے حروف ناطقہ اور حروف صوامت سے چار چار حروف نکال کر اس کے آگے کلمہ ائیل لگا دیں اور یہ نقش مخمس کے چاروں طرف لکھیں، اب یہ لوح تقدیرا کبر تیار ہوگئی۔ جب یہ لوح تقدیرا کبر تیار ہو جائے تو آبی، بادی، خاکی، آتشی اور نقش مخمس پر 11 دن کی مختلف سورتوں کی پڑھائی کرنی ہے۔ روزانہ ایک مرتبہ سورہ یوسف، روزانہ پانچ مرتبہ سورہ نور، روزانہ سات مرتبہ سورہ یٰسین اور روزانہ 1100 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرنا ہوتا ہے۔

اب یہ لوح تیار ہوگئی اب آپ کو نقش مخمس کو خالص ریشمی کپڑے میں بند کر کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ 92 مرتبہ درود ابراہیمی کا معمول بنائیں، میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو ادارہ روحانیات کے بانی ماہر روحانیات ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں اگر یہ اعمال خود تیار نہ کر سکیں یا عمل کرنے کی ضرورت ہو تو بھی ادارہ روحانیات سے رابطہ کریں۔ ایک غلط فہمی جو دور کرنا چاہتا ہوں کہ اکثر اعمال میں یہ لکھتا ہوں کہ اس کی اجازت کسی عامل کامل سے لیں اور زیادہ تر لوگ اپنے پیر و مرشد سے اجازت لے لیتے ہیں۔ پیر مرشد اور عامل کامل میں فرق ہوتا ہے۔ کیوں کہ پیر و مرشد وہ ہوتا ہے جس سے انسان بیعت ہو جائے اور عامل کامل کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس نے اس عمل کی زکوۃ دی ہوتی ہے۔ اسی لئے ان اعمال میں عامل کامل کی ضرورت نہیں۔

رحمکاریہ جفر لوح فاطمہؓ

تو آج کی محفل میں آپ کیلئے لوح فاطمہ لے کر حاضر ہوں۔ لوح فاطمہؓ کیا ہے۔ اس میں شک کرنے والا کافر ہو۔ یہ ایک زندہ معجزہ ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

لوح فاطمہ کے فوائد تو لاکھوں کروڑوں ہیں۔ مگر مختصر فوائد لکھ دیتا ہوں۔

نمبر 1:۔ جن خواتین و حضرات کے رشتے نہ ہوتے ہوں یا بن بن کر ٹوٹتے ہوں۔ تو ان کے لئے یہ لوح کامیابی کی ضمانت ہے۔

نمبر 2:۔ تسخیر خلق۔ رجوع خلق۔ تسخیرات مستورات۔

نمبر 3:۔ ترقی دولت، فتوحات تحفظ سحر جادو، آسیب، دشمنوں سے تحفظ، یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر مشک و زعفران یا خالص سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھیں۔ یہ لوح کسی ستارے کی شرف یا اوج میں تیار ہوتی ہے۔

شرف شمس، شرف زہرہ، شرف عطارد، شرف مریخ، یا شمس زحل یا قمر زحل، شمس کی تثلیث، یا شرف قمر میں جو ہر ماہ آتی ہیں اس میں تیار ہوتی ہے۔

جب لوح تیار ہو جائے اس پر 300 مرتبہ درود ابراہیمیؐ پڑھ کر دم کریں اور ساتھ ہی اسم اعظم **فاطمۃ یَاحَیُّ یَا مُعِزُّ بِحَقِّ یَا فَاطِمَۃُ الزَّھرآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیکَ رَحمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ** اسکا ورد 135 مرتبہ روزانہ کرنا ہے آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن کے حق میں دعا کریں۔



میں نے اپنی طرف سے پوری تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ رب العزت آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

رحمکاریہ جفر تثلیث زحل شرف

اس سال 17 نومبر مریخ تثلیث مشتری آدھی رات 3:09 منٹ پر یہ نظر قائم ہوگا۔

یہ وقت شرف مریخ اور شرف مشتری جیسا طاقتور ہے۔ بے انداز دولت کے اسباب پیدا کرنے میں قارئین تحفہ روحانیات کے لیے علم جفر کا ایک پرتاثیر عمل پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل میں نے شرف شمس میں ایک شخص کو تیار کر کے دیا تھا۔ اس عمل کی برکت سے 25 لاکھ کا انعام نکلا تھا۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

1:۔ سبحان ربك رب العزة تارب العالمين

اعداد قمری=2656

2:۔ الهكم اله واحد۔۔ تا۔۔ رحيم (اعداد قمری:۔885

3:۔ الله لطيف بعباده ۔۔ تا۔۔ القوی العزيز

(اعداد قمری=1287

طالب شعيب الرحمن =712 کل=5540

تفریق=2430 حاصل=3110
تقسیم=4 باقی=2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم 777 خانہ نمبر 1 میں لکھ کر ہر خانہ میں 81 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں **یٰسٓ ھو القرآن الحکیم** کا ورد کریں۔ یعنی خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 81 کا اضافہ کرنا ہے۔ نقش کی میزان چاروں طرف سے درست آئے گی۔ آخر میں بجھ

الله محمدؐ ۷۸۶ علی فاطمہؑ

۱ ۷۷۷	۱۴ ۱۸۳۱	۱۱ ۲۵۸۸	۸ ۱۳۴۴
۱۲ ۱۶۶۹	۷ ۱۲۶۳	۲ ۸۵۸	۱۳ ۱۷۵۰
۶ ۱۱۸۲	۹ ۱۴۲۶	۱۶ ۱۹۹۳	۳ ۹۳۹
۱۵ ۱۹۱۲	۴ ۱۰۲۰	۵ ۱۱۰۱	۱۰ ۱۵۰۷

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰه

سید شعیب الرحمٰن شاہ اور محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے حق میں دعائے خیر کریں۔

لوح مقطعات نورانی

لوح مقطعات نورانی اللہ پاک کے کلام کا ایک زندہ معجزہ ہے جس شخص نے بھی ان حروف سے کام لیا تو کامیابی ہوئی، میں خود پچھلے گیارہ سالوں سے یہ لوح لوگوں کو تیار کر کے دے رہا ہوں۔ یہ رحمکاریہ جفر کا ایک زندہ معجزہ ہے جو لوگ معاشی حالت سے پریشان ہوں، زندگی تباہ و برباد ہو چکی ہو۔ کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہو، یا کسی کے گھر میں آسیب، جنات کا دخل ہو، پری، چڑیل، ہمزاد یا مؤکلات کی دخل اندازی ہو کیونکہ ایسا عمل میں اس لئے بھی لکھتا ہوں کہ ہر شخص علم الجفر کو نہیں سمجھتا۔ جن گھروں میں نا اتفاقی، جھگڑا، فساد، دشمنیاں، سحر جادو بار بار ہوتا ہو تو ان کے لئے یہ لوح تحفظ ہوگی۔

حروف نورانی کے بہت سے فوائد ہیں۔ اس کے فوائد لکھنے سے قلم اور زبان قاصر ہے۔ یہ ہر شخص کیلئے ایک بزرگ تحفہ ہے، یہ عمل کہیں دستیاب نہیں۔

یہ عمل اصل میں میرے استاد محترم (مرحوم) کا ہے اس کے مختصر فوائد میں لکھ دیتا ہوں۔ ہر قسم کے لا علاج امراض، شوگر گردے میں پتھری، بلڈ کینسر جوڑوں کے درد جنات، مرگی، آسیب، سر درد، دل کے امراض کے لئے بھی شفاء ہے۔ اس نقش کو لکھ کر دل پر لٹکائے۔ خداوند کریم نے چاہا تو شفاء ہوگی۔

ترقی دولت، ترقی فتوحات، کامیابی امتحانات، جس بچے کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو یا بار بار فیل ہوتا ہو۔ ان کے لئے ایک نعمت ہے۔ اس لوح کو تیار کریں اور اپنے پاس رکھیں، اس کی برکت سے امتحان میں اچھے نمبر آئیں گے۔ جو لوگ معاشی حالت سے ذلیل و رسوا ہو چکے ہوں، کاروبار تباہ و برباد ہو چکا ہو یا کسی نے بند کیا ہوا ہو تو ان کے لئے یہ ایک تحفہ ہے، یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر تیار کریں اور پاس رکھیں۔

پھر اس لوح پر گیارہ دن تک تین مرتبہ سورۃ النور پڑھ کر دم کریں یہ لوح شرفی کوکب یا اوج عطارد 16 اکتوبر، اوج قمر، شمس عطارد مریخ زحل زہرہ مشتری میں تیار کریں۔ اس کے علاوہ ستاروں کی تثلیث یا تسدیس میں تیار کریں یا ہر ماہ شرف قمر آتا ہے، اس میں تیار کریں۔ اگر کسی کو سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر یا بالمشافہ ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں۔

۴۷	۵۸	۶۹	۸۰	۱	۱۲	۲۳	۳۴	۴۵
۵۷	۶۸	۷۹	۹	۱۱	۲۲	۳۳	۴۴	۴۶
۶۷	۷۸	۸	۱۰	۲۱	۳۲	۴۳	۵۴	۵۶
۷۷	۷	۱۸	۲۰	۳۱	۴۲	۵۳	۵۵	۶۶
۶	۱۷	۱۹	۳۰	۴۱	۵۲	۶۳	۶۵	۷۶
۱۶	۲۷	۲۹	۴۰	۵۱	۶۲	۶۴	۷۵	۵
۲۶	۲۸	۳۹	۵۰	۶۱	۷۲	۷۴	۴	۱۵
۳۶	۳۸	۴۹	۶۰	۷۱	۷۳	۳	۱۴	۲۵
۳۷	۴۸	۵۹	۷۰	۸۱	۲	۱۳	۲۴	۳۵

الحق

ال	ر	کھیعص	ح	م	ط	س	ق	ن
۱۹۹	۱۹۴	۷	۴۸	۸	۵۹	۹۹	۴۹	۳۰
۱۹۳	۶	۴۷	۷	۵۸	۹۸	۴۸	۳۸	۱۹۸
لا	۴۶	۱۵	۵۷	۹۷	۴۷	اول ۳۷	۱۹۷	۱۹۲
۵۴	۱۴ وھاب	۵۶	۹۶	۴۶	۳۶	۲۰۵	۱۹۱	۴
۱۳	۶۴	۹۵	لام	۳۵	۲۰۴	۱۹۰	۳	۴۴
۶۳	۹۴	۴۴	۳۴	۲۰۳	۱۹۸	۲	۴۳	۱۲
۱۰۲	۴۳	۳۳	۲۰۲	۱۹۷	۱	۴۲	۱۱	۶۲
۴۲	۳۲	۲۰۱	۱۹۶	۹	۴۱	ی	۶۱	۱۰۱

لوح سعادت زحل

شرف زحل 29 برس بعد ہوتا ہے یہ وقت بہت سعادت اکبر ہے۔اس شرف زحل و شرف مشتری کے عمل تیار ہوتی ہے۔اگر کسی نے شرف مشتری سے فائدہ حاصل نہ کیا تو اس وقت سے فائدہ حاصل کریں یا اپنے لئے لوح زحل یا لوح مشتری تیار کریں اس لوح کی برکت سے ترقی دولت لوح زحل دراصل بادشاہوں کے لئے تسخیر سلطنت فتوحات کے لئے کام دیتا ہے۔اس لوح کی برکت سے بزرگی اور عظمت حاصل ہوتی ہے۔اس پر نقش ہفت در ہفت میں آیات فتوحات کو کندہ کرتے ہیں۔

۴۵	۳۴	۲۳	۱۲	۱	۸۰	۶۹	۵۸	۴۷
۴۶	۴۴	۳۳	۲۲	۱۱	۹	۷۹	۶۸	۵۷
۵۶	۵۴	۴۳	۳۲	۲۱	۱۰	۸	۷۸	۶۷
۶۶	۵۵	۵۳	۴۲	۳۱	۲۰	۱۸	۷	۷۷
۷۶	۶۵	۶۳	۵۲	۴۱	۳۰	۱۹	۱۷	۶
۵	۷۵	۶۴	۶۲	۵۱	۴۰	۲۹	۲۷	۱۶
۱۵	۴	۷۴	۷۲	۶۱	۵۰	۳۹	۲۸	۲۶
۲۵	۱۴	۳	۷۳	۷۱	۶۰	۴۹	۳۸	۳۶
۳۵	۲۴	۱۳	۲	۸۱	۷۰	۵۹	۴۸	۳۷

آیت یہ ہے:۔

ولقدمکنکم فی الارض وجعلنا لکم فیہا معایش اعداد=2199

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتاح یا رزاق یا غنی یا باسط یا وَدود یا کریم

۲۳۸	۲۳۷	۲۲۶	۲۱۵	۲۰۳	۲۸۳	۲۷۳	۲۶۲	۲۵۰
۲۳۹	۲۳۷	۲۳۶	۲۲۵	۲۱۳	۲۱۲	۲۸۳	۲۷۲	۲۶۱
۲۶۰	۲۵۷	۲۳۶	۲۳۵	۲۲۳	۲۱۳	۲۱۱	۲۸۲	۲۸۱
۲۷۰	۲۵۹	۲۵۶	۲۳۵	۲۳۳	۲۲۳	۲۲۱	۲۱۰	۲۸۱
۲۸۰	۲۶۹	۲۶۷	۲۵۵	۲۳۳	۲۳۳	۲۲۲	۲۲۰	۲۰۹
۲۰۸	۲۷۹	۲۶۸	۲۶۶	۲۵۳	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۰	۲۱۹
۲۱۸	۲۰۷	۲۷۸	۲۷۶	۲۶۵	۲۵۳	۲۳۲	۲۳۱	۲۲۹
۲۲۸	۲۱۷	۲۰۶	۲۷۷	۲۷۵	۲۶۳	۲۵۲	۲۳۱	۲۳۹
۲۳۸	۲۲۷	۲۱۶	۲۰۵	۲۸۵	۲۷۳	۲۶۳	۲۵۱	۲۳۰

وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْداً مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہ

یرقان کا علاج

یرقان کا علاج: ایسا مریض جس کا چہرہ اور جلد زرد ہوگئی ہو اور ڈاکٹروں نے لاعلاج کر دیا ہو تو اسے چاہئے سورۃ سبا لکھ کر اسے دھو کر وہ پانی مریض کو پلائیں اور اس پانی سے اس مریض کا چہرہ دھلائیں اور مندرجہ ذیل آیات کسی عامل باعمل سے لکھوا کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔انشاءاللہ شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

نقش کی آیت درج ذیل ہے:

قَالُوْا سُبْحَانَکَ اَنْتَ وَلِیُّنَا مِنْ دُوْنِہِمْ بَلْ کَانُوْا یَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ اَکْثَرُھُمْ بِہِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ○ قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّا اِلَیْکُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ○ قَالُوْا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَہُوْا لَنَرْجُمَنَّکُمْ وَلَیَمَسَّنَّکُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ○

۷۸۶

۸	۶	۷
۶	۷	۸
۷	۸	۲

۷۸۶

اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش قمر در عقرب کے علاوہ نوچندی جمعرات کو لکھ کر مریض کی خواب گاہ میں اس کی آنکھوں کے سامنے چسپاں کریں تاکہ مریض اس پر نظر کرتا رہے۔انشاءاللہ بحق آئمہ طاہرینؑ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

لوح شرف زحل

تحریر
میاں جاوید اقبال
بدوملہی

قارئین تحفہ روحانیات! استاد محترم کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے چند الفاظ شرف زحل کی نذر کر رہا ہوں۔ ویسے تو اس کا آغاز سال 2011ء کے ابتداء میں جعفریہ جنتری سے کر دیا تھا پھر قارئین تحفہ روحانیات کے لئے بھی حاضر خدمت ہے کہ ویسے تو زحل کے متعلق مستند نجمین اور عاملین اپنی مختلف رائے دے رہے ہیں لیکن یہ فقیر اس 29½ سال کے بعد آنے والے شرف کو ضائع نہیں سمجھتا اس میں بہت سی ایسی ساعات ہیں جو کہ زحل کو ضعیف نہیں ہونے دیتی بلکہ طاقتور کر رہی ہیں۔ کچھ بھائی اس کوشش میں ہیں کہ اس مبارک اور سعد موقع کو ضائع کر دیا اور خود پٹاری لے کر بیٹھ گئے ہیں کہ ہمارے پاس وہ ساعات ہیں جن میں زحل بالکل شرف کی حالت میں ہے صرف اور صرف چند ایک کے علاوہ کثرت رائے اس بات پر متفق ہے کہ شرف زحل ہوگا اور طاقتور ہوگا یہ صاحبان اس کو مارنے پر تلے ہوئے ہیں۔ جو خود یہ کام سرانجام دیتا ہے۔ تکنیکی لحاظ سے شمارہ اگست 2011ء میں جناب ایاز مزمل حسین صاحب اور باباجی صدف اجالوی، محمد ریاض (ہانگ کانگ والے) نے بھرپور انداز میں اس بات کی تائید کی ہے کہ شرف زحل ہوگا بلکہ ایک طاقت ور شرف ہوگا۔

قارئین کرام! **صرف ایک آدمی نے ہی جو کہ صرف اور صرف نجومی ہیں نے یہ رٹ لگا رکھی کہ شرف زحل نہیں ہوگا** لیکن حوصلہ افزاء بات یہ ہے کہ خود جناب ایاز مزمل حسین صاحب نے اس بات کی تائید کرتے ہوئے مختلف عاملین کو اس میں اپنے اپنے عمل بنانے کیلئے اور بھرپور تائید و تلقین کی ہے۔

سیارہ زحل کو سفاک، موت کا سیارہ تباہی لانے والا، دو محبت کرنے والوں (یعنی میاں بیوی) میں نفاق لانے والا سیارہ کہا جاتا ہے۔ جب یہ کسی پر اپنی نحوست ظاہر کرتا ہے تو ساڑھے سات تک اس کی جان نہیں چھوڑتا جس کو ساڑھ ستی کہا جاتا ہے۔ جب یہ کسی پر اپنی نحوست ڈالتا ہے تو اس کو بادشاہ سے فقیر بنا دیتا ہے اور جب یہ اپنی عنایات نچھاور کرتا ہے تو فقیر سے بادشاہ بنا دیتا ہے۔ آج جب یہ ساڑھے 29 سال بعد شرف میں آرہا ہے تو ہر انسان کو چاہئے کہ اس کے نحس اثرات سے بچنے کیلئے کوئی سدباب کرے کیونکہ ہر انسان کے 30 سالہ دور میں 7½ سال یہ اپنی نحوست اس شخص پر ڈالتا ہے۔ یعنی ہر انسان اپنی 30 سالہ زندگی میں صرف 22½ سال خوش وخرم رہتا ہے اور 7½ سال زحل کے چنگل میں پھنس جاتا ہے۔

اب پتا نہیں یہ 7½ سالہ زندگی کا دور اس کی زندگی کا آخری دور بن جاتا ہے یا پھر وہ اس کو اس قابل بنا دیتا ہے کہ باقی کی زندگی بھی افسوس کے قابل ہو جاتی ہے کیونکہ یہ 7½ سالہ دور اس کی زندگی کا رخ ہی تبدیل نہیں کرتا بلکہ بڑے دوررس اثرات ڈالتا ہے۔ ہر انسان کو اس ساڑھ ستی سے محفوظ رہنے کا بہترین موقع نصیب ہو رہا ہے۔ اس سے فائدہ نہ اٹھانا کفران نعمت ہوگا۔ اس سے مکمل تحفظ کا انتظام کرنے کے لئے پھر مزید 30 سال انتظار کرنا ہوگا۔ زحل فطری طور پر بڑی عجیب وغریب طبیعت کا مالک ہے اور جب اس کے ساتھ مریخ کی نحوست شامل ہو جائے تو اس چیز کے پرخچے اڑا دیتا ہے۔ اتنا نقصان دیتا ہے کہ زندگی کا مکمل نظام درہم برہم ہو جاتا ہے کوئی چیز پاس نہیں رہنے دیتا۔ ہر طرف تباہی و بربادی نظر آتی ہے۔ ایسی تباہی لاتا ہے جس کی مثال اور یاد سالوں تک رہتی ہے۔ محبت کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ جن دو کے درمیان شدید محبت ہوگی یک لخت نفرت میں تبدیل کر دیتا ہے اور جن پر اپنی عنایات نچھاور کرتا ہے تو دو نفرت کرنے والوں کو بھی یک جان دو قالب کر دیتا ہے اس شمارہ میں میرے کئی دوست زحل اور شرف زحل کے متعلق مزید معلومات لکھیں گے۔

بہرحال سب سے پہلے میں عرض کرتا ہوں کہ بوقت شرف ایک ایسا عمل تجویز اور تیار کیا جاتا ہے جو کہ اس وقت کے شرف میں شرف کی طاقت کو اپنے اندر جذب کرنے کی اہلیت رکھتا ہو۔ طریقہ یہ ہے کہ سعد ترین اوقات میں ایسا مواد مہیا کیا جاتا ہے جو کہ ان سیارگان کی قوت کو طریقہ روحانی سے اپنے اندر جذب کر لیتا ہے جو کہ الواح اور نقوش کی شکل میں جب انسان اپنے پاس رکھتا ہے تو یہی نقوش والواح اس انسان کے گرد ایک مکمل حصار قائم کر دیتا ہے اور ان سیارگان کی نحوست سے مکمل محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے روزمرہ کاموں میں رکاوٹ و بندش سے اس انسان کو محفوظ رکھتا ہے۔

قارئین کرام! اس نازک وقت میں جہاں شرف زحل کے ضعیف ہونے کی دہائی دی جارہی ہے۔ وقت کا ایک تقاضا ہے کہ کوئی ایسا عمل تیار کیا جائے جو کہ کم طاقت میں بھی بھرپور طریقہ سے طاقت جذب کر لینے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اب وقت کے اس تقاضا کے مطابق ایک ایسے عمل کی ضرورت تھی جو کہ اپنے اندر اعلیٰ ترین قوت کا انجذاب کر سکے اور بوقت ضرورت اس شخص کو مکمل تحفظ فراہم کرے۔ اسی سلسلہ میں ایک ایسے ہی عمل کا انتخاب کیا ہے جو کہ معیار پر پورا ہی نہیں اترتا بلکہ اس معیار سے کہیں بڑھ کر ہے۔

"شرف زحل"

سیارہ زحل کو برج میزان کے 21 درجہ پر شرف کی سعادت نصیب ہوتی ہے جو کہ ہر شرف تقریباً 29½ سال کے بعد دوبارہ حاصل ہوتا ہے کوئی انسان قسمت سے ہی دوبارہ اس شرف سے فیض یاب ہوتا ہے۔ علمائے جفر اور عاملین زحل کی تاثیر حاصل کرنے کے لئے مختلف اعمال تیار کرتے ہیں تاکہ بوقت شرف زحل کی روحانیت کو اپنے اعمال میں جذب کر سکیں اور بعد ازاں اس سے فیض یاب ہو سکیں۔

زحل کے اثرات:

زحل برج میزان میں رہتے ہوئے وہ افراد یا ممالک جن کا طالع برج میزان اور حمل ہیں ان کے ساتھ عجیب غریب واقعات مالی تفصیلات، جھگڑے، فسادات، ہڑتالیں، زلزلے اور جانی و مالی نقصان اور بدقسمتی سے واسطہ پڑے گا۔ عزت و منزلت میں کمی واقع ہوگی۔ بڑے بڑے حادثات سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ زحل ان افراد اور ممالک میں کسی نہ کسی طرح خرابی لائے گا۔

مصر، آسٹریا، برما، ملائشیا وغیرہ اور برج حمل کے تحت ڈنمارک، انڈونیشیا، ایران، انگلینڈ جو کہ عرصہ 2½ سال سے زیر عتاب ہیں۔ اب مزید اس میں شدت آئے گی۔ اکتوبر میں یہ برج عقرب اور ثور والوں کو آڑے ہاتھوں لے گا۔ جن میں الجزائر، مراکش، ناروے، فن لینڈ، شام، اردن، آئس لینڈ، قبرص، ارجنٹائن اور میکسیکو شامل ہیں۔

زحل طلاق و نفاق کا سیارہ:

زحل کو ازدواجی زندگی میں بہت بڑا رخنہ ڈالنے والا سیارہ سمجھا جاتا ہے اور اس کی نحوست کے اثرات علیحدگی کی ایک بڑی وجہ بنتی ہے۔ یہ جذباتی غیر مطمئن حالت اور کشیدگی اور طلاق جیسے واقعات لاتا ہے۔ آپس کے تعلقات میں کھنچاؤ لاتا ہے۔ دو محبت کرتے دلوں میں دوری لاتا ہے۔ اس کے نحس نظرات نہ صرف محبت میں مشکلات لاتے ہیں بلکہ اظہار محبت اور جذبات میں بھی مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ مخالفت، التواء اور مشکلات پیدا کرنا اس کا کام ہے۔


مزاجاً یہ دوری، کھنچاؤ اور نفرت پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے۔ خاص طور پر یہ اظہار محبت اور اظہار جذبات میں کمزوری اور ہچکچاہٹ پیدا کرتا ہے۔ خواہ یہ باقوت ہی کیوں نہ ہو۔ دوسروں پر نکتہ چینی اور نقائص کو نکالنے کا جذبہ ابھارتا ہے۔ جس کا وجود ہی نہیں ہوتا۔

زحل کی سعد اکبر کا عرصہ جذباتی لحاظ سے غیر تسلی بخش گنا جاتا ہے اور نحس حالت میں یہ یقینی طور پر علیحدگی کی نقصانات کشیدگی، رخنہ محبت یا خاتمہ لاتا ہے۔ زحل ہر انسان پر چودہ سال بعد اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے۔ سعد نظرات کی تاثیر سے واقعات سدھرنے کی امید ہوتی ہے جبکہ نحس اثرات میں رجوعیت کی امید تک بھی ختم ہو جاتی ہے۔ اس کا ہر دور تقریباً 29½ سال کا ہوتا ہے۔ یہ آپ کی پیدائش کے درجہ پر دوبارہ 29½ سال بعد آئے گا۔

زحل کے قران یا مقابلہ کی صورت میں اثر تقریباً ایک ہی جیسا ہوتا ہے دونوں ہی نحس ترین اثرات دیتے ہیں۔ اس دوران یہ محبت کے معاملات میں خرابی لاتا ہے۔ عورت اور مرد کے تعلقات کو ایک بڑا مسئلہ بنا دیتا ہے۔ آپ کی محبت بھری زندگی میں میاں بیوی کے تعلقات میں کس قدر روڑے اٹکائے جائیں گے یہ زائچہ بنوا کر معلوم کیا جاسکتا ہے۔

قارئین کرام! اس مبارک اور سعد ترین موقع بوقت شرف زحل کے نایاب موقع پر ایک انمول اور مکمل تاثیر جذب کرنے والی اسمائے قدوسی کی طلسمی لوح پیش کر رہا ہوں۔ یہ طلسمات تجربہ کی کسوٹی پر اور اس کو بار بار آزمایا ہوا ہے جو کہ اپنے اثرات سے ایک مکمل ڈھال فراہم کرتی ہے۔ اس کو بنانے کے بعد اس کی طریقہ خاص سے 3 رات تنجیم کی جاتی ہے تاکہ یہ طلسمات جو کہ انتہائی قابل بھروسہ ہیں اپنے اندر ایک خاص راز رکھتے ہیں۔


لوح زحل یہ ہے:



پشت پر طلسمی نقش لکھیں



چال نقش اور لوح زحل



قارئین کرام! سال 2011 کا سب سے بڑا تحفہ ہے جو کہ زحل کی تمام نحوستوں کو روکنے اور ختم کرنے کی مکمل اہلیت رکھتی ہے ان تمام امور کو استحکام دینے اور ان سے مکمل تحفظ کے لئے یہ ایک انمول تحفہ ہے جو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے چھ اسمائے قدوسی کی مکمل روحانیت شرف زحل کی قوت کو اپنے اندر تیزی سے جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ برج جدی اور دلو والے یا وہ لوگ جن کو نگینہ نیلم راس آتا ہے لوح تیار کرنے کے بعد نگینہ نیلم اور لوح زحل پر عین شرف زحل کے اوقات میں ان پر اسمائے قدوسی کے اعداد 1017 مرتبہ اسمائے قدوسی پڑھ کر دم کریں اور تجنیم کرتے ہوئے تین رات یہی عمل کریں۔

قارئین کرام! اسمائے قدوسی کے اعداد 1017 میں ترقی رزق کے اعداد بھی 1017 ہیں۔ پھر اگر موقع ملے تو دوران شرف یا کسی بھی ہفتہ کے روز پہلی ساعت زحل میں کسی کالی چیز کا صدقہ دے کر پہن لیں پھر تماشا قدرت دیکھیں۔

تمام زندگی کے لئے ایک ایسی ڈھال آپ کو میسر ہوگی یہ آپ کی زندگی میں خوشیاں بھر دے گی۔ اگر روزانہ اس پر اسمائے قدوسی پڑھ کر دم کرتے رہیں گے تو یقیناً آپ بادشاہوں کی زندگی بسر کریں گے۔ ناکامی، رکاوٹ، بندش اور نحوست آپ سے روٹھ جائے گی۔

فوائد لوح زحل اسمائے قدوسی :

☆ ہر قسم کی بندش، رکاوٹ، نحوست اور ناکامیوں سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ ہر قسم کے لڑائی جھگڑوں، دشمنوں اور دشمن پر غلبہ اور فتح و نصرت کے لئے ڈر وخوف کا خاتمہ ہوگا۔ آپ کے اندر ایک اعتماد پیدا ہوگا۔

☆ جو لوگ فتوحات، الیکشن میں کامیابی اور خلقت میں ناموری کیلئے اور وہ لوگ جن کے پاس پیسہ ٹھہرتا نہیں ہے۔ اگر آتا ہے تو فوراً نکل جاتا ہے، بانڈز، لاٹری، حصول مال و دولت و انعام۔ غیبی امداد کے متمنی لوگ اس کو بمعہ طلسم تمام قواعد کے ساتھ چاندی کی پلیٹ پر اپنے پاس رکھیں۔

☆ الیکشن میں کامیابی، مقدمہ میں کامیابی یا کسی مقابلہ میں کامیابی کیلئے انمول تحفہ ہے، وہ لوگ جن کی وزارت و ملازمت جانے کا ڈر ہو یا تنزلی کا ڈر ہو یا پھر وہ لوگ جو موجودہ وقت اچھا گزار رہے ہیں۔ اپنے مقام کو مقدم و امتیاز اور استحکام کے لئے ہوائی جہاز کے سفر، مشینوں پر خطرناک کام کرنے والے یا ڈرائیور وغیرہ جن کی زندگی کو اندیشہ لگا رہتا ہے ان کے لئے ایک مکمل لوح تحفظ کا کام دیتے ہیں۔ خاص کر محبت کرنے والے جوڑوں یا شادی شدہ جوڑوں کے تحفظ، میاں بیوی کی ناچاقیوں یا وہ لوگ جن کی نوبت طلاق تک پہنچ چکی ہے اس لوح کی برکت اور روحانیت سے ان کے درمیان اختلافات ختم ہو جائیں گے۔ وہ ایک مثالی زندگی بسر کریں گے۔ ان کے اختلافات محبت میں تبدیل ہو جائیں گے۔

قارئین کرام! اس لوح مبارکہ کو عین شرف کے اوقات میں چاندی یا سیسہ کی پلیٹ پر کندہ کریں۔ کیونکہ اس نے زندگی بھر آپ کا ساتھ دینا ہے۔ لوح کی پشت پر طلسمات کندہ کریں، طلسمات انتہائی پُر تاثیر ہیں ان کو بڑی توجہ کے ساتھ لکھیں۔ کیونکہ اس لوح مبارکہ کی خاص بات یہی طلسمات ہیں اس وجہ سے اس کو باقاعدہ تمام قواعد وضوابط سے جناب محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اجازت ضرورت طلب کریں تاکہ یہ طلسمی لوح اپنی بھرپور قوت کا مظاہرہ کر سکے۔ بغیر اجازت کے یہ طلسمات اپنا کام نہ کر سکیں گے۔ اس عمل سے فیض یاب ہو کر مجھ فقیر کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

شرف زحل لوحِ فتوحاتِ عظیمیہ

تحریر: انیسہ شعیب (ایبٹ آباد)

زحل برج میزان میں حرکت کرتا ہوا جب 20 ویں درجہ میں پہنچتا ہے تو شرف حاصل ہوتا ہے، 29 سال میں صرف ایک بار یہ موقع آتا ہے۔ یہ تمام حالتوں میں سعادت و درجہ میں قوی وقت ہوتا ہے۔ شمس سیارگان فلکی میں سب سے بڑا اور شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔ سب سے زیادہ نورانی اور طاقت ور اثر زمیان پر ڈالنے والا ہوتا ہے۔ زندگی اور روح کی توانائی اس سے قوت پاتی ہے ان کو اگر ضبط میں لایا جائے تو وہ اپنی طاقت سے عامل کے لئے عظیم ہیبت، رعب اور قوت پیدا کرتا ہے اور ایک ممتاز مقام تک لائے گا۔ جس سے ساکنان موجودات میں اس کا رتبہ بلند ہوتا چلا جائے گا۔ لہذا عامل اور جفار اس موقع پر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو تسخیر خلائق افزوتی جاہ و مرتبہ ترقی لانے والے ہوتے ہیں زمانہ قدیم میں بادشاہ اور امرائے عالمین سے مدد حاصل کرتے تھے۔ اس سال شرف زحل 2011ء کا سب سے بڑا تحفہ ہے جو کہ زحل کی تمام نحوستوں کو روکنے اور ختم کرنے کی مکمل اہلیت رکھتا ہے۔ اس کی سعد سعادت میں آپ کو زندگی بھر کے لئے ایسا موقع میسر ہوگا جو آپ کی زندگی میں خوشیاں لاسکتا ہے۔ اگر روزانہ استغفار کا ورد کرتے رہیں تو یقیناً گناہوں کی بخشش کے ساتھ ساتھ اللہ کی رحمت سے ہر طرف سے فائدہ اٹھائیں گے۔ نماز پنجگانہ کو اپنا معمول بنائیں۔ قرآن پاک خصوصاً سورہ بقرہ شریف کی تلاوت روزانہ گھر میں ضرور کریں۔ برائیوں سے بچیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کی رحمت سے ایسے فوائد حاصل ہوں گے کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے۔

قارئین کرام! اس دفعہ شرف زحل کے لئے ایک اور مشہور عمل لکھیں۔ طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ نقش آتشی چال ہوگا۔ نقش میں پُر ہو جائے۔ تو ان کے حروف بنا کر سب سے پہلے چار خانوں کے اعداد کے حروف بنائیں۔ اس کے آگے لفظ یوش لگا کر اعوان العمل تیار کرلیں، خانہ نمبر 5 سے 8 تک حروف بنا کر آگے کلمہ طیش لگائیں۔ یہ جنات العمل ہوگا۔ اب نمبر 8 سے 12 تک کے حروف بنا کر آگے کلمہ ایل لگا کر موکل بنائیں۔ یہ موکل ہوگا، اب نمبر 13 سے نمبر 16 تک حروف بنا کر آگے کلمہ لفظ ہوش لگا کر اعوان بنالیں۔ یہ نقش کے چاروں طرف لکھیں۔ اب مکمل طریقہ ذہن نشین کرلیں۔

سورۃ مزمل اعداد شمسی = 272986

نام: شعیب الرحمٰن معہ والدہ۔ اعداد شمسی = 3777

اسم اعظم: الرحمٰن اعداد شمسی = 1316

مقصد فتوحات: افتح ابواب۔۔۔ الراحم الراحمین

اعداد شمسی = 15912 کل اعداد 290214

اب طالب معہ والدہ کے اعداد 3777 کو 4 سے ضرب دے کر 15108 حاصل ہوئے۔ اب کل اعداد سے 15108 کو تفریق کرے۔ اس کو خانہ نمبر 1 میں رکھ کر طالب معہ والدہ کے اعداد کا اضافہ کریں۔ یعنی نمبر 1 سے نمبر 16 تک 3777 کا اضافہ ہوگا۔ اب نقش کی میزان چیک کریں۔ اب میزان چاروں سے درست آئے گی۔ یہ میری طرف سے ایک تحفہ ہے۔ میں نے مزید تفصیلات لکھی ہیں۔ اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو جناب ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے رابطہ کریں۔ چال نقش یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۷۸۶

میکائیل — جبرائیل

۳۰۱۵۴۵	۳۱۲۸۷۶	۳۲۴۲۰۷	۲۷۵۱۰۶
۳۲۰۴۳۰	۲۷۸۸۸۳	۲۹۷۷۶۸	۳۱۶۶۵۳
۲۸۲۶۶۰	۳۳۷۱۶۱	۳۰۵۳۲۲	۲۹۳۹۹۱
۳۰۹۰۹۹	۲۹۰۲۱۴	۲۸۶۴۳۷	۳۲۷۹۸۴

عزرائیل — اسرافیل

لوح شرف زحل

تحریر
فیض احمد فیض
(کالا شاہ کاکو)

معزز قارئین تحفہ روحانیات! زحل کو شرف برج میزان کے 21 درجہ پر ہوتا ہے، زحل کو شرف تقریباً 29 برس کا طویل عرصہ گزرنے کے بعد آتا ہے، یہ وقت دوبارہ شاید ہی کسی قسمت والے کے ہاتھ آتا ہے۔ علماء جفر زحل کی تاثیر حاصل کرنے کے لئے اس کا انتظار کرتے ہیں۔

یہ منحوس ترین ستارہ گنا جاتا ہے۔ اس کی ساڑھ ستی سے کائنات کا ہر شخص شکار ہوتا ہے۔ منجم حضرات اس کو پاسبان فلک بھی کہتے ہیں اور معلم بھی مانا گیا ہے۔ یعنی سبق سکھانے والا، اسے نحس اکبر بھی کہتے ہیں۔

زحل دو برجوں کا مالک ہے ایک برج جدی جو منفی اور خاکی ہے اور دوسرا برج دلو جو بادی مثبت ہے یہ ایک دن میں آٹھ دقیقہ رفتار سے چلتا ہے اور ایک برج کو ڈھائی سال میں طے کرتا ہے زحل مرد، مخنث، نحس اکبر، رنگ سیاہ مزاج سرد خشک بادی منقلب ہے فلک ہفتم کا مالک ہے۔ قد دراز، ایسے لوگوں سے نسبت رکھتا ہے جو مرض رنج وغم میں مبتلا رہتے ہیں۔

اگر زائچہ میں نیک حالت ہو تو انصاف، ثابت قدمی، عروج اختیارات منصب و مرتبہ دیتا ہے۔ محنت کوشش کے بعد اعلیٰ مقام پر فائز کرتا ہے اگر نحس حالت میں ہو تو مصائب و نحوست کا ایسا دور لاتا ہے مالی حالت جسمانی حالت ناگفتہ بہ ہو جاتی ہے، یہ زندہ درگور کر دیتا ہے۔ یعنی گنگا الٹ بہنے لگتی ہے۔

جو آدمی علم النجوم سے معمولی واقفیت رکھتا ہو اس کو تجربہ ہوتا ہے جن افراد کا عدد 8 ہو یا پیدائش 23 دسمبر تا 19 فروری کی تاریخوں میں ہوئی ہو وہ لوگ نحس اکبر ستارہ زحل کے زیر اثر ہوتے ہیں۔

قارئین تحفہ روحانیات! بعض دوستوں کی یہ جاننے کی خواہش ہوتی ہے کہ ہمیں کیسے پتہ لگے گا کہ ہماری زندگی میں زحل کی نحوست کا عمل دخل ہے۔ باہم ساڑھ ستی کے کرب میں مبتلا ہیں ان کے مختلف طریقے دیکھتے ہیں۔


اب میں لوح زحل لکھ رہا ہوں۔ اس کو سیسے کی لوح پر کندہ کروا کر پاس رکھیں تو نحوست کا تدارک ہو جائے گا۔ اس میں میں نے حسابی تکسیروں کا بکھیڑہ نہیں رکھا۔ آسان سا عمل ہے۔ زحل کے بخورات دکھا کر سر پر سیاہ کپڑا اوڑھ کر رکھیں۔

لوح حصہ اول

۷۸۶

۱۹۹	۲۰۲	۲۰۵	۱۹۱
۲۰۴	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۳
۱۹۳	۲۰۷	۲۰۰	۱۹۷
۲۰۱	۱۹۶	۱۹۴	۲۰۶

لوح کی پشت پر درج ذیل نقش لکھیں



ساڑھ ستی اور سیارہ زحل

قارئین تحفہ روحانیات! سیارے سات ہیں، دو ذیلی سیارے بھی موجود ہیں ہماری صحت، بیماری، کاروبار، رشتوں کے بگڑنے اور سنوارنے کا عمل سیارگان کی گردش پر منحصر ہے، ان تمام سیارگان میں زحل نحس ترین شمار کیا جاتا ہے، منجمین حضرات کے نزدیک یہ نہایت منحوس اور ظالم سیارہ ہے۔

میرے بعض مہربان حضرات حالات کے ہاتھوں مجبور ہو کر تقدیر کا رونا روتے رہتے ہیں اور اس ذات کاملہ کی بنائی ہوئی کائنات میں نقص نکالتے ہیں اور بیان کی مافی الضمیر کی آواز ہوتی ہے کہ ہمارے ساتھ یہ ہو گیا، وہ ہو گیا۔

آسودگی سے جینا میسر نہ ہو سکا
سوئے رہے نصیب یہ قسمت کی بات ہے

قارئین !! انہیں کیا علم ہو کہ اچھی تدبیر سے تقدیر میں تبدیلی واقع ہو سکتی ہے۔ بعض احباب کی یہ جاننے کی خواہش ہوتی ہے کہ ہمیں کیسے پتہ لگے گا کہ ہماری زندگی میں زحل کی نحوست کا عمل دخل ہے۔ باہم ساڑھ ستی کے کرب میں مبتلا ہیں، آیئے اس کے مختلف طریقے دیکھتے ہیں۔

مثال نمبر 1: مثلاً کسی کی تاریخ پیدائش 6-7-2011 ہے جس کا حل یوں ہے۔ 11+2+7+6=8 اس شخص کا حاکم ستارہ زحل ہوگا۔ اگر نام کے اعداد کا مجموعہ 8 ہو تو بھی زحل اثر انداز ہوگا اگر نام کا استطاق کرنے پر 8 آئے تو بھی زحل کا اثر ہے۔

مثلاً اعجاز حسین کے نام کو اس طرح لکھیں گے اور اس کے عدد مفرد لینے ہیں اور 1 تا 9 تک ضرب دیں۔

ا	ع	ج	ا	ز	ح	س	ی	ن
1	7	3	1	7	8	6	1	5
x	x	x	x	x	x	x	x	x
1	2	3	4	5	6	7	8	9

1+14+9+4+35+48+42+8+45= اکائی میں 8 بچا، لہذا زحل سے تعلق ہے۔

جن حضرات کے نام ان حروف سے شروع ہوں ان پر بھی زحل کا اثر ہوتا ہے۔
ج۔خ۔ک۔س۔ص۔ث۔ش

اور جن کی تاریخ پیدائش 23 دسمبر سے 19 فروری تک کے عرصہ میں ہوئی ہو تو بھی وہ ستارہ زحل کی نحوست کا شکار ہوتے ہیں۔

زحل کی ساڑھ ستی:

زحل ایک برج میں تقریباً ڈھائی سال تک رہتا ہے۔ اب اصول یہ ہے کہ سیارہ زحل جب کسی کے شمسی برج کے قریب ہوتا ہے شمسی برج تاریخ پیدائش سے معلوم کیا جاتا ہے، تو وہ شخص زحل کی سختی کا شکار ہو جاتا ہے، زحل کی یہ قربت ساڑھے سات سال پر محیط ہوتی ہے۔ اس سختی کے شکار کو ساڑھ ستی زحل کہا جاتا ہے۔

زحل کی ساڑھ ستی کا دور جب انسان پر آتا ہے تو وہ احمقانہ حرکتیں کرتا ہے نا عاقبت اندیشانہ کام شروع کر دیتا ہے۔ یعنی بنے بنائے کام خود بگاڑتا ہے، اچھے بھلے روزگار چھوڑ کر کوئی نیا منصوبہ بناتا ہے۔ اچھے بھلے مکان کو بیچ کر کرائے کے مکان میں شفٹ ہونا اور غلط جگہ شادی کرتا ہے۔

سیارہ زحل کی نحوست اور اس کا علاج

اس کا علاج دو طریقوں سے ہوتے ہیں:


(1) مادی علاج (2) روحانی علاج۔

مادی علاج:

اس ضمن میں ان کو اپنی صحت مخالفین کی سرگرمیوں، اتنا ہی ذاتی مسائل اور آمدن اور خرچ کے معاملات پر حقیقت پسندانہ سوچ اور فکر اختیار کرنے کی ضرورت ہے اپنے فرائض میں چوکس و چوبندر ہے۔

روحانی علاج:

وہ حضرات جس مصیبت میں گرفتار ہیں وہ یہ طلسم زحل بروز ہفتہ زحل کی پہلی ساعت میں تیار کر کے پاس رکھیں، بخور سیاہ مرچ اور صدقہ سیاہ ماش اور کپڑا سیاہ صدقہ کریں۔ طلسم یہ ہے



بچے بڑے کثرت پیشاب: کیکر کی کچی نرم پھلیاں سایہ میں خشک کریں، پیس کر رکھیں، 3 ماشہ ایک چمچ شہد، ایک کپ دودھ بکری، گائے، اونٹ، مجبوری میں بھینس کا دودھ۔

چہرے کی جھریاں دور کریں: روغن بادام 15 گرام، پھٹکری پسی ہوئی 15 گرام، عرق گلاب 100 گرام، 4 انڈوں کی سفیدی کو ہلکی آنچ پر پکائیں، گاڑھی ہونے پر فریج میں رکھیں۔ روزانہ مالش کریں۔

ڈاکٹر مسز میجر کاظمی (راولپنڈی)

فیوض العملیات — شرف زحل

تحریر
محمد قسور حسین
میلسی

محترم قارئین! شرف زحل کے حالت سعد و ناقص کے بارے میں جو خدشات تھے وہ محترم ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے علمی طور پر دور کردیئے ہیں۔ اس لئے اُن لوگوں کو پھر سے اپنی خواہشات کی تکمیل اور مسلسل گھاٹے جو زحل کے بداثرات سے رونما ہوئے ہیں۔ شرف زحل کی وجہ سے انشاءاللہ ان کے نقصانات پورے ہو جائیں گے، زحل کے بداثرات سے چھٹکارا نصیب ہوگا اور اللہ نے چاہا تو ترقی و عروج کے دروازے کھل جائیں گے۔

قارئین کرام! اس لوح کو آپ چاندی پر بنائیں اور متعلقہ ساعت زحل میں بخور زحل روشن کر کے اس کو مکمل کریں۔ اپنی اوقات کے مطابق صدقہ ضرور دیں۔ دو عدد نقش بنائیں ایک اپنے پاس رکھیں دوسرا کاروباری جگہ پر رکھیں۔ انشاءاللہ ایک ہفتہ کے اندر ہی مالی مشکلات سے نکل آئیں گے۔


لوح بنانے سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں۔ ایک تسبیح درود پاک پڑھیں۔ دعا کر کے لوح بنائیں، پھر جب آپ کا کام مکمل ہو جائے تو پھر دو رکعت نماز نفل شکرانے کے ادا کریں۔

قارئین کرام! کیونکہ یہ ایک بڑی لوح ہے جو مسبع ہے یعنی 9x9 کا نقش

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

منعم	اللہ ۔ ناطق	ناطق	مطیع ۔محیط	محیی ۔ عالم	سمیع	حی ۔ سامع	حکم ۔ لا الہ الا اللہ	مہلک ۔ حاکم
مہیمن ۔ محیی	معطی ۔ الٰہی	اللہ ۔سلام	اللہ ۔ مصلح	مصلح	الہ ۔ محصی	ملک ۔ سلام	مانع	الہ ۔ مصلح
مالک ۔ کائن	الہ ۔ مطلع	احکم الحاکمین	اللہ ۔ ملک	حی ۔ مقیم	اعلیٰ ۔عالی	حنان ۔ محیط	کائن ۔ اعلیٰ	محیط ۔سلطان
محی ۔ ملہم	علی ۔حلیم	ملہم ۔ مانع	حی ۔ قائم	محیط ۔ ملہم	مہیمن ۔ ملک	مہلک ۔ محیط	الٰہی ۔ مطعم	حلیم ۔ سلام
حق ۔ حکیم	حاکم ۔ مانع	منیع	ملہم ۔ ملاک	حکیم ۔ میھمن	اعلیٰ ۔ الٰہی	محی ۔ مسہل	طاہر	اللہ ۔ اعلیٰ
حی ۔ مقسط	محسن	قاسم	سالم ۔ محال	ملک ۔ کامل	محصی ۔ الٰہی	قاسم	لا الہ الا اللہ	مقیم
علیم ۔حیکم	سامع	محی ۔معطی	اللہ ۔محسن	حلیم ۔ محیط	الہ ۔ سامع	اللہ ۔سلطان	الہ الناس	امین ۔ ملک
مطعم	منہل، محیطج	مطلق ۔ الٰہی	مطلق	اللہ ۔ معطی	صانع	حکیم ۔ حلیم	حی ۔منیع	ملک الناس
محال ۔مکین	مالک الملک	اللہ ، حق	ما لا مکان	اللہ ، منیع	ملیک ۔ محیط	محی ۔ میھمن	حاکم ۔ قائم	حی ۔ میھمن

ہے۔ لہٰذا اگر ایک ساعت میں کام مکمل نہ ہو تو دوسری ساعت زحل میں مکمل کرلیں۔ اللہ رب العزت آپ کو سعادتیں نصیب فرمادے۔ لوح زحل یہ ہے:



بخور رال

میرے اور ایاز مزمل صاحب کے حق میں دعا ضرور کریں۔

انگشتری زحل برائے تسخیر:

جس شخص کا مفرد عدد آٹھ ہو اس کیلئے ایک بے بہا تحفہ ہے۔ شرف زحل میں اس انگشتری پر کندہ کر کے رال کا بخور جلائیں اور اس پر یہ خاتم کندہ کرلیں اور اس پر یا فتاح یا رزاق 888 بار ورد کریں اور اس خاتم کو کسی ڈبیہ میں محفوظ کر کے رکھ لیں۔ پھر جب بھی ضرورت پڑے کسی افسر سے کام لینا ہو، محبوب سے ملنا ہو اس وقت اس کو پہن لیں۔ رال کا بخور جلائیں اور اسم 888 بار ورد کر کے اس انگشتری کے خاتم کسفیائیل کو چند بار مقصد کہہ کر پہن لیں۔ یہ ایک ایسا تحفہ ہے جس کی کوئی نظیر نہیں۔ یہ انگشتری ضرور بنائیں، ایک بار مزہ آجائیگا۔

”عمل شرف زحل“

قارئین تحفہ روحانیات! آج کل ایک رسالے میں ”شرف زحل کا چرچا ہے“ یہ **شرف زحل ھے یا مکس زحل** اس بارے میں تو چیف ایڈیٹر صاحب ہی صحیح بتائیں گے۔ ۲۹½ سال انتظار کے بعد بھی سیارہ کمزوری میں ہے یا نہیں اس معاملے میں بحث جاری ہے۔ **اس معاملے میں چیف ایڈیٹر صاحب کا مضمون حتمی اور ہم لوگوں کے لئے قابل قبول ہوگا۔**

شرف زحل میں کیا عمل انسان کو مصائب اور ناکامیوں سے نجات دلاتا ہے جو کوئی جادو ٹونہ، نحوست سیارگان اور زمانہ کی گردش کا شکار ہو ان سب کے لئے لوح شرف زحل عجیب تاثیر کی حامل ہے۔

طریقہ: سب سے پہلے آپ شرف زحل میں 100 بار استغفار پڑھ کر اللہ رب العالمین سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ پھر 100 بار درود پاک پڑھ کر اللہ کی رحمت کو اپنی طرف متوجہ کریں اور پھر یہ نقش پاک دھات پر بنا کر اپنے پاس رکھیں اور روزانہ 100 بار یا فتاح یا رزاق کا وِرد رکھیں۔ انشاء اللہ 40 دنوں کے اندر ہی آپ کی زندگی میں بہتری ہو جائے گی اور نحوسوں کے بادل چھٹ جائیں گے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

یا اروقلائیل — یا فتاح یا رزاق — یا کسفیائیل

۳۱۵	۲۸۳	۳۲۳	۲۹۱	۳۳۱	۲۹۹	۳۴۸	۳۰۷	۲۶۶
۳۰۵	۲۷۳	۳۱۳	۲۸۱	۳۲۰	۲۸۹	۳۳۸	۲۹۷	۳۴۶
۲۹۵	۳۴۴	۳۰۳	۲۷۱	۳۱۱	۲۷۹	۳۲۸	۲۸۷	۳۳۶
۲۸۵	۳۳۴	۳۰۳	۳۴۲	۳۱۰	۲۶۹	۳۱۸	۲۷۷	۳۲۶
۲۷۵	۳۲۴	۲۹۲	۳۳۲	۳۰۰	۳۴۹	۳۰۸	۲۶۷	۳۱۶
۲۸۴	۳۱۴	۲۸۲	۳۲۲	۲۹۰	۳۳۹	۲۹۸	۳۴۷	۳۰۶
۳۴۵	۳۰۴	۲۷۲	۳۱۲	۲۸۰	۳۲۹	۲۸۸	۳۳۷	۲۹۶
۳۳۵	۲۹۴	۳۵۲	۳۰۲	۲۷۰	۳۱۹	۲۷۸	۳۲۷	۲۸۶
۳۲۵	۲۸۴	۳۴۲	۳۰۱	۲۴۱	۳۰۹	۲۶۸	۳۱۷	۲۷۶

یا ابو نوخ — یا میمون سیاف السحابی

اقسمت علیکم و عزمت یا اروقلائیل یا کسفیائیل یا ابو نوخ یا سید میمون سیاف السحابی ہمہ اقسام اثرات بد و نحوسات زحل ختم گردد و ہمہ خواص و فوائد شرف زحل فلاں بن فلاں را حاصل شوند کہ ہر در بھر کار ترقی شود و فتوح غیب حاصل شوند از چہار جانب بحق یا فتاح یا رزاق و بحق ایں نقش ھذا العجل العجل الساعۃ الوحا۔

دوسری طرف طلسم بنائیں:

یا اروقلائیل ۲۷۵ ۴ یا کسفیائیل

یا فتاح یا رزاق

یا ابو نوخ — یا میمون سیاف السحابی

اعمال شرف زحل

تحریر:۔ صوفی مشتاق احمد چشتی صابری (لاہور)

حالت شرف: 12 اکتوبر تا 20 اکتوبر

ابتداء 17 بج کر 20 منٹ اور انتہا 21 بج کر 58 منٹ تک ہوگی۔

شرف زحل کے فوائد :

جو حضرات زحل کی ساڑھ ستی کا شکار ہو چکے ہیں ان کے لئے ایک نادر قیمتی وقت ہوتا ہے جس میں ساڑھ ستی سے بچاؤ کے لئے الواح تیار کی جاتی ہیں جس سے زحل کی ساڑھ ستی کی نحوست دور ہو جاتی ہے، ہفتہ کے روز شنبہ اور کواکب زحل ہے اس کی پہلی ساعت میں محبت وغیرہ کے عمل کیے جاتے ہیں کیونکہ زحل کے دن کی بھی ایک نیک ساعت ہوتی ہے۔ مہینہ کے پہلے ہفتہ میں دوسری ساعت مشتری کی جو کہ دولت اور صلح کے واسطے بہتر ہوتی ہے۔ تیسری ساعت مریخ کی ہے بغض اور اعمال شر کے واسطے چوتھی ساعت شمس کی ہے بادشاہوں کے پاس جانے کیلئے ہے اور ان سے حاجت روائی کے واسطہ پانچویں ساعت زہرہ کی ہے۔ جس میں پیار محبت کے عمل کئے جاتے ہیں۔ چھٹی ساعت عطارد کی ہے اس میں شکار کے واسطے تعویز لکھے جاتے ہیں۔ ساتویں ساعت مردا ہے اس میں کوئی کام نہ کرو۔ آٹھویں ساعت عمل کی ہے کسی کو بیمار کرنے کے واسطے میں عمل کریں، نویں ساعت مشتری کی ہے اس میں نیک عمل کریں۔ دسویں ساعت مریخ کی ہے، شر و فساد کے واسطے عمل تیار کریں گیارہویں ساعت شمس کی ہے قبول و محبت اور میاں بیوی کی صلح کے واسطے عمل تیار کریں، بارھویں ساعت زہرہ کی ہے، بادشاہوں اور وزیروں سے نفع حاصل کرنے کے واسطے عمل تیار کریں، معلوم ہوا کہ جو شخص ہر ایک عمل کو اس کے وقت پر کرے گا وہ کامیاب ہوگا۔ کیونکہ اس علم کا بھی دروازہ ہے جس سے اس میں داخل ہوتے ہیں۔ یہ عملیات شرف زحل کے دنوں میں بجا لائیں تو ازحد فوائد حاصل ہوں گے۔

زحل کے دن کی پہلی ساعت کا عمل :

اس ساعت میں قبولیت و محبت اور سب بلاؤں کو دور اور رزق میں برکت حاصل کرنے کا عمل کریں۔ اسم اللہ کا صفاتی نام نافع ہے جس میں نفع رسانی کی تاثیر ہے بارش رزق اور ہر قسم کی بھلائی حاصل کرنے کے لئے یہ اسم ہے، محبت اور قبولیت کے لئے کاغذ پر لکھ کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اپنے پاس محفوظ کرلیں۔

نقش اسم نافع

ال	نا	ف	ع
۸۱	۶۹	۳۲	۵۱
۲۸	۷۸	۵۲	۲۳
۵۲	۳۴	۶۷	۷۹

دوسری ساعت کا عمل :

دوسری ساعت مشتری کی ہے۔ اس ساعت میں جو کہ صلح، دولت اور گمشدہ چیز کی بازیابی کے لئے عمل کریں اگر خاوند اپنی بیوی سے ناراض ہو تو اسم الجامع کا ذکر اور نقش اسم الجامع لکھ کر دیں زردہ کے رنگ سے۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو جس جگہ سے چیز گم ہوئی ہو تو اسی جگہ پر نقش مذکورہ کو لٹکائیں اور اسم الجامع کے ذکر پر مداومت کریں۔

نقش الجامع

ال	ج	م	ع
۴۱	۶۹	۴۲	۳
۶۸	۳۸	۶	۳۲
۵	۳۴	۱۷	۲۹

تیسری ساعت کا عمل: تیسری ساعت مریخ کی ہے جس میں اعمال شر وغیرہ کئے جاتے ہیں۔ دشمن کو روکنا اور خراب کرنے کیلئے اسم یا مانع کا نقش اور اس کے اعداد کے مطابق ذکر پر مداومت کریں یہ اسم دشمن کو خراب کرتا ہے اس کے شر سے روکتا بھی ہے۔

نقش اسم المانع

ال	ما	نع
۴۹	۷۱	۷۳
۲۷	۷۰	۵

چوتھی ساعت کا عمل:

زحل کے دن کی چوتھی ساعت جو کہ شمس کی ہے بادشاہوں، وزراء، امراء کے پاس جانے اور ان سے اپنی حاجت روائی کے لئے اسم المجید کا ذاکر اگر کسی بادشاہ کے پاس جائے تو اس کی حاجت روائی ہوگی اور مایوس نہیں لوٹے گا، اسم المجید کا نقش اپنے پاس رکھنے سے عہدہ کی دوبارہ بحالی ہو جائے گی، اس کے ذاکر کی ہر تمنا پوری ہوگی۔

نقش اسم المجید

ال	م	جی	د
۱۶	۱	۳۰	۳۱
۲	۱۵	۴۲	۳۹
۳۹	۳۲	۳	۱۴

پانچویں ساعت کا عمل:۔

پانچویں ساعت زہرہ کی ہے جس میں پیار محبت کے عمل کئے جاتے ہیں، اسم الرحمٰن کا ذکر کرنے سے ہر ایک کے دن میں ذاکر کی جگہ بن جاتی ہے اور ہر کوئی ذاکر سے پیار محبت کرنے لگ جاتا ہے۔

قارئین کرام! شرف زحل سال 2011 کا سب سے بڑا تحفہ ہے، تمام امور کو استحکام دینے اور ان سے مکمل تحفظ کے لئے یہ ایک اصول تحفہ ہے جو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے چھ اسمائے قدوسی کی مکمل روحانیت شرف زحل کی قوت کو اپنے اندر تیزی سے جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اسم کے اعداد کے ذکر پر مداومت کریں اور اس کا نقش اپنے پاس چاندی کے ورق میں لپیٹ کر رکھیں اور خوش بختی اور عوام میں مقبول ہوگا اور قبولیت دعا کا رتبہ مل جاتا ہے۔ نقش اسم الرحمٰن جو کہ ہفتہ کے روز شرف زحل میں تیار کریں اور اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

نقش اسم الرحمٰن

الر	ح	م	ن
۵۱	۳۹	۲۹	۹۹
۱۰	۲۰۲	۲۸	۱۸
۳۷	۴۹	۲۰۱	۱۱

چھٹی ساعت:

چھٹی ساعت عطارد کی ہے جس میں نوکری اور شکار کے لئے عمل تیار کریں، شرف زحل کے اوقات میں اسم الباسط کا ورد اور اس کا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھ کر نوکری کیلئے اور شکار کے لئے نکلنے والا کبھی مایوس ونا کام نہیں لوٹتا، نقش اسم الباسط یہ ہے۔

نقش اسم الباسط

ال	با	س	ط
۶	۸	۲	۳
۷	۵۸	۵	۳۲
۴	۲۴	۶	۵۹

ساتویں ساعت:

ساتویں ساعت مردہ ہے اس میں کوئی عمل نہ کریں۔

آٹھویں ساعت:

آٹھویں ساعت عمل کرنے کی ہے، کسی کو بیمار کرنا یا زبان بندی کے لئے عمل کرنا ہو تو کریں۔

نویں ساعت:

زحل کی نویں ساعت مشتری کی ہے جو کہ پہلے گزر چکی ہے۔

سینک فوڈز کھانے کا رجحان موٹاپے کی وجہ بن سکتا ہے :امریکہ میں کی جانیوالی ایک تحقیق کے مطابق توانائی سے بھرپور سینک فوڈز جیسے پیزا، چپس اور بیکری آئٹمز کھانے کے رجحان میں اضافے کے باعث لوگوں میں موٹاپا بڑھ رہا ہے۔ طبی جریدے میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ میں اوسطاً روزانہ لی جانے والی کیلوریز میں گزشتہ تیس سال کے دوران ایک تہائی اضافہ ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ سنیک فوڈز میں لارج سائز اور کنگ سائز چیزیں کھانے کا رجحان اس میں سونے پر سہاگہ کا کام کر رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق ضرورت اس امر کی ہے کہ اس بات پر توجہ دی جائے کہ لوگوں میں سنیک فوڈ کھانے کے رجحان کو کم سے کم کیسے کیا جائے تاکہ موٹاپے کے اس بڑھتے ہوئے مسئلے سے نمٹا جاسکے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 1970ء کے بعد سے مغربی ممالک میں موٹاپے میں کسی وبا کی طرح اضافہ ہوا ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ لوگوں میں اس بات کا شعور پیدا کیا جائے کہ وہ گھر کے کھانوں کو ترجیح دیں۔

شرف وظائف وطلسم منازل قمر زحل

حکیم الفقیر سائیں نور محمد کھوڑ شہر ضلع اٹک

قارئین تحفہ روحانیات! سونا چاندی کیا ہے۔ سونا زرد، سونا سرخ یا کلنگ یہ خصوصی مصالحہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اگر خالص اصل سونا کو گلا کر سفوف بوٹی کی چٹکی دے دی جائے تو زرد رنگ اڑ کر سفید ہو جاتا ہے۔ آج کل جتنا زیور وغیرہ عربوں سے لے کر پاک وہند تک کا فارمولا یہ ہے۔ دس تولہ سونا، پانچ تولہ تانبا، ایک تولہ چاندی ملا کر تیار کیا جاتا ہے اور خالص سونا کہہ کر فروخت کیا جاتا ہے۔ اگر خالص مل جائے تو اس کو بہت منافع ہوتا ہے۔ تانبہ کو لا علم کھاجاتا ہے تاکہ زنگاری کو ختم ہو جائے تاکہ معلوم نہ ہو۔


چاندی: چاندی ایک خالص دھات ہے، ایک بارہ بنکی ایک سیمابی ہے۔ ایک قلعی سے ایک تانبا کی ہے تانبا کو سفید جاری قائم سم الفار کرتا ہے، بجائے ان مخلوط دھاتوں کے زرد کے لئے سنہری کاغذ لو اور سفید والی جگہ نقش بناؤ، چاندی نما کاغذ اور سفید طرف نقش بناؤ۔

اوقات شرف: ہر خطہ 50 میل کا اثر علیحدہ کہیں انتہائی نحس ہوتا ہے، تباہی لاتا ہے اس کا جاننا انتہائی اہم ہے۔ یہ ہر ایک کا کام نہیں۔ ویسے بھی علم نجوم رو رو کر فریاد کر رہا ہے اس کو صحت مند کرنے کا کوئی معالج نہیں مل رہا۔ میں نے ایک مرتبہ محترم مرحوم کاش البرنی کو لکھا تھا کہ شرفاتی الواح سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ جواب ملا کہ میں خود بھی حیران ہوں کہیں تیر کی طرح کام ہوتا ہے اور کہیں صفر بھی پورا نہیں۔ میری ذاتی رائے یہ ہے اور ماننے کیلئے کسی کو مجبور بھی نہیں کرتا۔ دل چاہے تو عمل طریقہ مثال: میں نے خاتم سلیمانی پسند کیا اس میں لمبی چوڑی چالوں کی ضرورت نہیں، دوسرا ساتوں سیارے علیحدہ علیحدہ اپنے کونوں میں بیٹھ جاتے ہیں، درمیان مرکزی خانہ شمس کا جامع ہے۔ آپ تمام علم نجوم کو نظر انداز کر دیں، صرف تا صرف منازل قمر لیں یہ درست طریقہ ہے، چاند کے پہلے تین دن چھوڑ کر سات دن کا اعتکاف کریں جو لو چندہ دن پہلے آئے بوقت طلوع آفتاب دس منٹ چھوڑ کر لوح میں کونہ کا لحاظ رکھ کر کونہ پُر کرلیں اسی کونہ کی پچھلی طرف طلسماتی حروف لکھ دیں جو عموماً رسالہ میں شائع ہوتے ہیں۔ ایسے ہی سات دنوں میں سات ستاروں کی الواح تیار ہو جاتی ہیں، ہر ستارہ کا اسماء دوسرے ستارہ آنے تک ورد مع درود پاک رکھا جائے۔ دوسرا خانہ پُر کرنے سے پہلے سابقہ تیار خانہ پر دم کر دیا جائے۔ سات دن بعد لوح مکمل ہوئی مشتر کہ ختم دعا کی جائے، تقسیم کرنے سے پہلے پہن لی جائے اور ساتوں ستاروں کا ورد رکھا جائے۔ 30 دن کے اندر اندر تماشہ دیکھیں۔ خاص بات لوح خیر کے لئے چاند کے پہلے عشرہ میں شر کیلئے چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد اعتکاف کریں۔ یہ راز کی بات ہے کہ عنبر، زعفران، کستوری، مشک وغیرہ اتنے مہنگے ہیں، جو چاول پلاؤ والے سات رنگی ہیں ہر سیارہ کا وہی رنگ گھول کر بارش کا پانی اچھا ہے بعد عرق گلاب حالت مجبوری جو پانی دستیاب ہو مثلاً زرد رنگ شمس کا ہے، یہی پیلا رنگ چاول والا خوردنی ہے۔ بخور عام اچھی اگربتی کا کافی ہے۔


وظائف: اتوار شمس یاحی یاقیوم قمر سوموار یارحمٰن یارحیم منگل مریخ یا مالک یاقدوس، بدھ عطارد یاعلی یاعظیم، جمعرات مشتری یاکبیر یامتعال، جمعہ زہرہ یاکافی یاغفور ہفتہ زحل یافتاح یارزاق بلاتعداد پڑھیں۔

نوٹ: تمام جنتریوں میں منازل قمر سو فیصد غلط ہیں، میں نے ثبوت کے ساتھ نشاندہی کر دی ہے۔ اگر ان حضرات نے جنتری میں یہ صفحہ شائع کر دیا تو بہتوں کا بھلا ہو جائے گا۔ **ضروری نوٹ**: (ادارہ کا صاحب مضمون کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں) ایک خاتم سلیمانی حروف مقطعات جو زحل سے تعلق رکھتی ہے۔ دوسری خاتم سلیمانی اسم اعظم جو حقیقی اسم اعظم ہے، (3) حروف مقطعات بسم اللہ میں قرآن مجید میں ایک جگہ پر ہے۔ یہ خیر کیلئے استعمال یہ انتہائی مختصر جامع دعائیہ انداز میں خاتم ہے۔ نیچے مقصد ضرور لکھیں اگر مقاصد ہوں تو لکھیں تن من دھن فی الفور اگر قسمت جگانے کا شوق ہو تو اسم اعظم تلاش کریں، (کتاب مکاشفات نور تالیف غلام رسول میمن عائلی نقشبندی، لاڑکانہ سندھ) کامیابی کیلئے راز کی بات بذریعہ خط جوابی لفافہ معلوم کریں۔

لوح سلیمانی حروف مقطعات=الم،الر،المرحم




لوح اسم اعظم والی



خیر کے لئے عمل کریں

منازل میں عمل کرنا ہو تو چاند دیکھ کر عمل کریں، جنتریوں کی منازل پر عمل نہ کریں، برائی کیلئے دوسروں کے رزق پر اپنا چولہا ہرگز نہ جلائیں۔

مثلث مدور طبعی : جناب شیخ عثمان مغربی، امام غزالی، کاشف البرنی مجربہ تعریف سے لکھا یہ 9 حروف اعمال خیر و شر میں خوب کام کرتے ہیں۔ اگر شرف زحل 21 درجہ پر میزان کے وقت زہرہ کی نظر تسدیس زحل سے ہو تو گول لوح پر کندہ کر کے انگشتری میں نگ کی طرح جڑ دالیں۔ تو حق تعالی ہر مشکل آسان غیب سے حاجات پوری بلکہ تسخیر عام دوست دشمن کہنا مانیں کوئی بھی سرتابی نہ کرے گا۔



لوح نورانی شرف زحل


محترم قارئین تحفہ روحانیات! آپ حضرات سے گزارش ہے کہ محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے لئے طویل زندگی و سلامتی ایمان کی دعا کیا کریں جن کی بدولت آپ کو گھر بیٹھے تحفہ جات مل رہے ہیں۔ قدر کیجئے۔
آج جو تحفہ آپ کو دے رہا ہوں یہ ایک کامل ولی اللہ بزرگ جناب شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ (مصنف دلائل الخیرات) کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ سے لکھ رہا ہوں۔

اے میرے بھائیو! یہ آیت بڑی مبارک کرماں والی ہے جو عالم علوی و سفلی دونوں میں اختیار رکھتی ہے۔ اسے اپناؤ دین و دنیا حاصل کرو، اس کا نقش شرف زحل کے وقت تانبا پر لکھ کر پاس رکھیں اور 450 بار آیت اول و آخر درود پاک پڑھ کر روزانہ نقش پر پھونکیں چالیس دن تک۔ جو چاہو اللہ سے مانگو ملے گا۔

یہ اسماء مبارک جن میں شاہ اور بخشش شرف زحل میں تانبا کی انگشتری پر لکھوا و پر والی مدور نقش لکھ دیا۔ دو قسم کے نقش لکھ رہا ہوں جو بھی مناسب سمجھیں لکھیں کوئی الجھن لمبا بکھیڑا نہیں۔ آیت یہ ہے:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اسماء ذوالجلال والاکرام

چال کے عدد نہ لکھیں، خوبصورت مع اعراب نقش لکھیں، خوشبو جلائیں



حسبنا	الوکیل	ونعم
حسبنا	مقصد لکھیں	ونعم
الله	الوکیل	الله

اسماء والے نقش پر اسماء ہی پڑھ کر پھونکیں اپنے مقصد کی دعا کریں۔

ذو	والاکرام	الجلال
والاکرام	الجلال	ذو
الجلال	ذو	والاکرام

(**نوٹ**) تانبہ نصف سونا ہے، اول تانبا کو سرخ کر کے آب مقر دھتورہ میں کم از کم 30 بجھاؤ دیں، بعد میں گلا کر چیڑا لاکھ کا سفوف اور لاکھ کشی بیر جھاڑی، نصف نصف گلو کی باریک سفوف کر کے چٹکی چٹکی باری باری دونوں کی ختم کریں نصف سونا تیار ہے جو ابھی نامکمل ہے، آگے جو مرضی ہو کریں۔ صادق الصادق رستہ ہے شکاریوں کے لئے، میرے پاس اس نیت سے نہ آئیں۔ جو چاہیں نقش تانبا کے پترہ پر لکھیں۔

فیضان الجفر لوح ترقی ترقی، فتوحات، عزت، شہرت
شرف زحل محبت، کاروبار مقدمات میں غلبہ

تحریر: شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

نوٹ: کچھ منجمین نے عوام کے ذہن میں یہ خیالات پیدا کردیئے ہیں کہ شرف زحل کا کام نہیں ہے، شرف زحل کو بھول جائیں۔ بتاتا چلوں کہ ان کی باتوں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔30 سالوں کے بعد آنے والا یہ شرف زحل اپنی مکمل طاقت میں ہوگا۔ قارئین پورا فیض حاصل کرلیں۔

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَلَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّ بَاطِنَةً۔ (سورۃ لقمٰن آیۃ 20)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے مسخر کردیا ہے تمہارے لئے جو کچھ آسمان وزمین میں ہے اور سب کو اللہ نے تمہارے کام میں لگا رکھا ہے اور اس نے تم پر اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں پوری کر رکھی ہیں۔

پیارے قارئین تحفہ روحانیات! آپ کے عملیات کے سمندر سے شرف زحل کا ایک مجرب عمل لوح ترقی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل آپ کے لئے انمول تحفہ ہے، ہیرے کی قدر صرف جوہری ہی جانتا ہے۔ لوح ترقی مبارک کو طاقت ور وقت شرف زحل میں تیار کرتا ہے۔ شرف زحل کا وقت ہر 30 سال کے بعد نصیب ہوتا ہے۔ عاملین وقارئین ایسے اوقات کا بڑی شدت سے انتظار کرتے ہیں کیونکہ ایسے اوقات میں تیار کیا جانے والا ہر عمل نقش، تعویز، الواحیں، جلد اپنا اثر ظاہر کرتے ہیں اور سو فیصد یقینی کامیابی ملتی ہے۔ ایسے اوقات بار بار حاصل نہیں ہوتے۔ طاقت ور اور بہترین وقت کا قدر کر کے فیض حاصل کرنا چاہئے پھر نہ کہنا کہ خبر نہ ہوئی۔

سیارہ زحل سفر کرتے ہوئے جب برج میزاج کے 21 درجہ پر پہنچتا ہے تو شرفی طاقت حاصل کرلیتا ہے تمام بروج میں سے یہ اعزاز صرف برج میزان کو حاصل ہوا ہے کہ نحس اکبر زحل اس برج میں داخل ہوکر سعد بن جاتا ہے۔

ہر سیارہ خانہ شرف اور اوتار 1-4-7-10 گھروں میں پورے ایک درجے یعنی 60 دقیقہ کی قوت رکھتا ہے۔ سیارہ زحل برج جدی کا مالک ہے۔ سیارہ زحل کا شرفی برج میزان ہے جو کہ جدی سے 10 ویں گھر یعنی اوتار میں آتا ہے جو کہ اچھی بات ہے۔ اس کے علاوہ زحل کا شرف درجہ 21 ہے۔ ماہرین نجوم کے قانون کے مطابق ہر سیارہ 1 تا 6 درجہ تک نو مولود، 7 تا 12 درجہ تک لڑکپن، 13 تا 23 درجہ تک جوان مرد اور 24 تا 30 درجہ تک حمل بوڑھے آدمی کے ہوتا ہے۔ سیارہ زحل کا شرفی درجہ 21 ہے جو کہ جوان مرد میں آتا ہے۔

منسوبات زحل: برج جدی ودلو۔ طبع خاکی۔ دن ہفتہ، رنگ سیاہ۔ طرف جنوبی، وقتی قوت رات، جواہر نیلم ویاقوت، کلی عدد 8، حرکت فی برج 2½ سال۔ جنس مذکر۔ دھات سیسہ۔ نقش 9x9، اسمائے حسنٰی یافتاح یارزاق۔ شرفی برج میزان۔ درجہ 21۔

فوائد لوح ترقی: لوح ترقی پاس رکھنے سے ترقی وفتوحات کے دروازے کھل جائیں گے، ہر قسم کے مقدمات میں شاندار کامیابی، امتحان میں کامیابی، افسران بالا عزت سے پیش آئیں گے، شہرت، مرتبہ سد فرازی ملے گی۔ الیکشن میں شاندار فتح، مخالفین پہ رعب وغلبہ ہوگا، کاروبار میں برکت وترقی، سحر جادو، نظر بد، آسیب، نحوست سیارگان، آتشی واقعات، غرقابی، چوری، حادثات سے حفاظت، بم بندوق گولی تیر تلوار کے وار سے حفاظت، مالی پریشانیوں اور قرضہ سے نجات، انعامی سکیموں سے ترقی، اسٹیٹ ایجنسی کا کاروبار یعنی زمین جائیداد، مکان، دکان کی خرید وفروخت سے ترقی، اس کے علاوہ ہزاروں فوائد ملیں گے۔

اَفْتَحْ اَبْوَاب	فَتَحَكَ لِسَىٰ	يَا مُفَتِّحْ	اِلْ اَبْوَابْ
۵۴۰	۴۲	۵۰۲	۵۴۸
۴۱	۵۳۷	۵۵۰	۵۰۳
۵۴۹	۵۰۴	۴۰	۵۳۸

شرفِ عطارد طلسم اعداد متحابہ

تحریر: عابد جعفری (کھوڑ)

اعداد متحابین جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ محبت کے لئے مستعمل ہیں قدیم اہل یونان، بال وفارس کے لوگوں کے طریقہ استعمال میں رہے ہیں۔ وہ لوگ اس عمل کو سحر کے نام سے جانتے تھے۔ کتاب جذب القلوب کشاف دائرہ الاسماء المتحابین کتاب الوجدان الحب اور مقدمہ ابن خلدون میں اس پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ ایک عمل علامہ زرقانی اپنی تینوں کتب جواہر الاخفی، جذب القلوب اور بساط الحب میں تحریر کرتے ہیں۔ بقول علامہ کہ انہوں نے اپنی ساری زندگی میں اس سے بہتر عمل حب نہیں پایا۔ کہتے ہیں جب زہرہ برج ثور میں داخل ہو تو دو پتلے کپڑے کے بنالیں ایک پتلے پر محب کا نام اور 220 اور دوسرے پر محبوب کا نام اور 284 لکھیں لیکن اس کا بہتر طریقہ جو میرے تجربے میں گزرا ہے اس عمل کو عطارد کی ساعت میں طالب اپنا لعاب دہن دونوں پتلوں کے منہ پر لگا کر دونوں کو مضبوطی سے باندھ دے اور کسی پھل دار درخت کے نیچے دفن کر دے۔ اعداد متحابہ کے بیان میں لوح انموزج کا ذکر نہ کرنا ناانصافی ہوگی۔ کتاب جذب القلوب میں اس کا ذکر ہے لیکن وضاحت نہیں کی۔

میں پوری کوشش کرتا ہوں کہ اس کی وضاحت کرسکوں۔ جو الواح مرتب کی گئی ہیں ان کی صورت یہ ہے:

عدد عدل — عدد رک

	۱۱۰	۴۷	۲۲۰	
	۶۰ / م ل	۵۹	۴۸ / ۵۸	
۶۱	۵۳	طالب	۵۷	۴۹
	۶۲ / ۵۲	۵۱	۵۶ / ۵۰	
		۶۳		

عدد عدد ل — عدد رفد

	۱۴۲	۶۳	۲۸۴	
	۷۶ / ۷۰	۷۵	۶۴ / ۷۷	
[illegible]	۶۹	مطلوب	۷۳	۶۰
	۶۸ / ۷۸	۶۷	۷۲ / ۶۶	
		۷۹		

اب دیکھنا یہ ہے کہ پہلی لوح کس طرح پُر کی گئی ہے۔


عدد عدد ل ۱۱۰ اس کو نصف کیا ۵۵ اس میں سے ۸ کو نفی کیا تو باقی ۴۷ بچا۔ پہلے لوح کے آٹھ خانے پُر کیے، ۴۷ کو خانہ اول میں رکھا اب لوح کے دوسرے آٹھ خانے پُر کرنے کے لئے ۲۲۰ کو نصف کیا تو ۱۱۰ ملے اس میں سے ۷ کو منفی کیا تو ۱۰۳ باقی بچے اب خانہ اول ۴۷ کو ۱۰۳ سے نفی کیا تو ۵۶ ملے اب آگے آٹھ خانے ۵۶ سے شروع کیے اور ۶۳ پر ختم ہوئے۔ اسی طرح دوسری لوح کو پُر کیا گیا ہے۔ عدد عدد ل ۱۴۲ کو نصف کیا ۷۱ ہوا اس میں سے ۸ نفی کیا تو ۶۳ ملا اب پہلے خانہ میں ۶۳ کو لکھ کر آٹھ خانے پُر کیے اب عدد رد ۲۸۷ ہیں۔ نصف ۱۴۲ منفی ۷ کیے تو ۱۳۵ بچے۔ ۱۳۵ سے خانہ اول ۶۳ کو نفی کیا تو ۷۲ بچا باقی آٹھ خانے ۷۲ سے شروع کیے، لوح اول کا مجموعہ ۲۲۰ اور لوح دوم کا مجموعہ ۱۹۴ کے عین مطابق ہے۔

طریقہ لوح:

لوح طالب کے پہلے آٹھ خانے طالب کے نام مع والدہ کے اعداد سے پُر کیے جاتے ہیں۔ باقی آٹھ خانے زائد اعداد متحابہ سے پُر کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح لوح مطلوب کے پہلے آٹھ خانے مطلوب مع والدہ کے نام کے اعداد نکال کر پُر کیے جاتے ہیں۔ باقی آٹھ خانے ناقص اعداد متحابہ سے پُر کیے جاتے ہیں۔ وسطی خانے خالی رہیں گے۔ لوح طالب کے وسطی خانے میں طالب کی تصویر اور دوسرے میں مطلوب کی تصویر لگانی ہوگی۔

عمل لوح طالب :


اعداد طالب مع والدہ = ۲۳۴۰
اعداد مولا علی علیہ السلام = ۱۱۰
مجموعہ = ۱۲۲۵
نصف = ۱۲۲۵
آٹھ تفریق کرنے سے = ۱۲۱۷



مرحلہ دوم : اعداد متحابہ ۷۱۲۹۶ نصف ۸۶۴۸ سات تفریق کئے ۸۶۴۱ اب خانہ اول کے اعداد متعین کئے تو طے ۲۲۴ ان کو خانہ نہم میں رکھ کر باقی لوح پُر کی۔ اس طرح لوح طالب کا دفق زائد اعداد متحابہ کے مطابق آئے گا۔

عمل لوح مطلوب:

اعداد نام مطلوب مع والدہ ۱۰۷۷ اضافہ اعداد بی بی پاک ۱۳۵
۱۰۷۷+۱۳۵=۱۲۱۲ نصف ۶.۶ نفی ۸=۵۹۸
اب مرحلہ اول کے لئے اعداد ۵۹۸ کو پہلے آٹھ خانوں میں پُر کیا۔
مرحلہ دوم: مرتبہ سوئم کے ناقص اعداد متحابہ ۱۸۴۱۶
نصف ۹۲۰۸ نفی ۷=۹۲۰۱
خانہ اول کے اعداد ۵۹۸ تفریق کئے ۸۲۰۳ سے پُر ہوں گے۔



اعداد متحابہ کا ایک اور عمل جو حکیم طمطم ہندی سے منسوب کیا جاتا ہے۔ مربع نصفی کے نام سے مشہور ہے۔ تجربہ کے طور پر کچھ اس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ ابن خلدون نے اپنے مقدمہ سحر طلسمات کے باب میں ذکر کیا ہے کہ ان اعداد میں عجیب وغریب اثر پایا جاتا ہے۔

اعداد متحابہ کے عملیات میں قمر۔ زہرہ اور مشتری کی نظرات کا اہم دخل ہے۔ اس میں نصف مربع طالب اور رک کے اعداد اور مطلوب کے عدد میں رفد کے عدد جمع کرتے ہیں اور نصف نصف مربع پُر کرتے ہیں۔ طالب کے اعداد سے ۳ قانون کے عدد کم کرتے ہیں اور مطلوب کے اعداد سے ۴ عدد قانون کے نفی کئے جاتے ہیں۔ مثال ملاحظہ ہو:

طالب مع والدہ= ۲۶۴+۲۲۰= ۴۸۴ نصف ۲۴۲- ۳= ۲۳۹
مطلوب مع والدہ: ۱۸۷۳+ ۲۸۴= ۲۱۵۶ نصف ۱۰۷۸- ۴= ۲۱۵۱

۲۴۶	۲۱۵۳	۲۱۵۶	۲۳۹
۲۱۵۵	۲۴۰	۲۴۵	۲۱۵۴
۲۴۱	۲۱۵۸	۲۱۵۱	۲۴۴
۲۱۵۲	۲۴۳	۲۴۲	۲۱۵۷

جو بات تجربے میں آئی ہے کہ آپ اس کے چار نقش تیار کریں چوتھے نقش کو سامنے رکھ کر خانہ ہشتم پر انگشت شہادت رکھ کر طالب کا نام مع والدہ ۲۲۰ مرتبہ اور خانہ ۱۶ پر مطلوب مع والدہ کا نام ۲۸۴ بار پڑھیں۔ ہر روز سات یوم تک ساعت کو ملحوظ خاطر رکھ کر اس عمل کو کریں۔ ایک ہفتہ میں خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوگا۔ تھوڑے سے فہم اور ادراک کی ضرورت ہے۔ اگر آپ نے تدبر سے کام لیا تو انشاء اللہ ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑے گا۔ اگر مربع نصفی اور لوح انموذج کو یکجان کر لیا جائے تو اس کے نتائج ایک لمحے میں بھی آپ کو مل سکتے ہیں۔ اب اس کی وضاحت بھی کئے دیتا ہوں۔ یہ طریقہ کار میرا اپنا استخراج شدہ ہے۔ یہ آپ کو کسی اور جگہ دیکھنے کو نہیں ملے گا۔ اسی مربع نصفی میں لوح انموذج کو ضم کر دیں اور بہتر سے بہتر نتائج فوری طور پر سامنے آئیں گے۔ میں نے اس پر بہت سے تجربات کئے ہیں اور کامیاب ہوا۔ میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے فہم وادراک ضروری ہے جو عطائے ربی ہے۔


یہ امور ایسے نہیں جن کو سرعام شائع کروایا جائے لیکن ان کو صیغہ راز میں رکھنا بھی مناسب نہیں۔ حقدار کی چیز حقدار تک پہنچ جائے تو اس میں کچھ برائی نہیں ہے۔

اب دونوں طریق پر بحث ہوگی۔ پہلے طالب اور مطلوب کی لوح انموذج تیار ہوگی اور اس کے بعد مربع نصفی۔ مربع نصفی آپ دیکھ چکے ہیں۔ اب انہی اعداد طالب و مطلوب سے لوح انموذج تیار کی جائے گی۔

مثال: طالب مع والدہ کے اعداد ۲۶۴ نصف ۱۳۲-۸=۱۲۴ ہوئے۔ یہ پہلے آٹھ خانوں کے اعداد ہیں۔

اب اعداد متحابہ درجہ دوم ۳۹۲۴ کو نصف کیا ۱۵۱۲ ہوئے ان میں سے سات نفی کیے تو ۱۵۰۵ ملا۔ اب خانہ اول کے اعداد ۱۲۴ نکالے تو ۱۳۸۱ باقی رہے۔ باقی آٹھ خانے ۱۸۳۱ سے شروع کرنے پر پُر ہوں گے۔

اب اس لوح انموذج کو مربع میں پُر کیا جائے



۱۳۱	۱۳۸۳	۱۳۸۶	۱۲۴
۱۳۸۵	۱۲۵	۱۳۰	۱۳۸۷
۱۲۶	۱۳۸۸	۱۳۸۱	۱۲۹
۱۳۸۲	۱۲۸	۱۲۷	۱۳۸۷


اب دونوں کو یکجا کردیا۔ **مربع نصفی اور لوح انموذج**

مطلوب مع والدہ=۲۸۷۲ نصف ۹۳۶-۸=۹۲۸

۱۳۱ / ۲۶۷	۲۱۵۳ / ۳۱۸۳	۱۳۸۶ / ۲۱۵۶	۱۲۴ / ۲۳۹
۵۸۳۱ / ۵۵۲۱	۵۲۱ / ۲۴۰	۱۳۰ / ۵۴۲	۲۱۵۴ / ۱۳۸۴
۱۲۶ / ۲۴۱	۳۱۸۸ / ۲۱۵۸	۲۱۵۱ / ۱۳۸۱	۱۲۹ / ۲۴۳
۲۱۵۲ / ۳۱۸۲	۱۲۸ / ۲۴۳	۱۲۷ / ۲۴۲	۱۳۸۷ / ۲۱۵۷

اعداد متحابہ = ۲۲۹۶ نصف ۱۱۴۸-۷=۱۱۴۱

لوح انموذج اور مربع نصفی ایک ساتھ۔



۹۳۰ / ۱۳۱	۳۱۸۳ / ۲۱۰	۱۳۸۶ / ۲۱۸	۹۲۸ / ۱۲۴
۱۳۵۸ / ۲۱۷	۹۲۹ / ۱۲۵	۹۳۴ / ۱۴۰	۱۳۸۴ / ۲۱۶
۹۳ / ۱۲۶	۳۱۸۸ / ۲۲۰	۱۳۸۱ / ۲۱۳	۹۳۳ / ۱۲۹
۱۳۸۲ / ۲۱۴	۹۳۲ / ۱۲۸	۹۳۱ / ۱۲۷	۱۳۸۷ / ۲۱۹

اب یہ آپ کی اپنی محنت ہے کہ اس عمل کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ میں نے وضاحت سے بیان کردیا ہے۔ پھر بھی اگر کسی کو سمجھ نہ آئے تو بانی و چیف ایڈیٹر ادارہ روحانیات جناب ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں۔

اظہار تعزیت

تحفہ روحانیات کے قاری اور ممبر جناب اکرم درانی کے بڑے بھائی محمد اسلم درانی جو کہ حساس ادارے میں بطور افسر اپنے فرائض انجام دے رہے تھے، گزشتہ ماہ 2 ستمبر کو انہیں شہید کردیا گیا، ادارہ اپنے دوست کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے ایک بار سورہ فاتحہ + تین بار سورہ مزمل + تین بار سورہ اخلاص، ایک بار درود مزمل پڑھ کر مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کریں۔ (منجانب: ادارہ روحانیات)

پس منظر اور قوت یافتہ شرف زحل

تحریر: ماسٹر شوکت علی بروھی (جنگ شاھی ٹھٹھہ)

ماضی قریب مئی 1990ء میں ملک کے ایک قدیمی روحانی جریدے میں تحریر تھا کہ 12 جون 1990ء کو متوقع شرف مشتری کو آپ بھول جائیں جس کے جواب میں لاہور کے ہی روحانی جریدہ میں ایک تحقیقی مضمون کے اشاعت پر عام وخاص کو اس.......... سے نجات جس کو مدنظر رکھتے ہوئے لوگوں نے شرف مشتری کے نقش بنوائے جس سے کافی فائدہ حاصل ہو۔ایک بار پھر گزشتہ سال یعنی 2010 کے ستمبر اور اکتوبر کے قدیمی روحانی جریدے میں سیارہ زحل کے متوقع شرف کے سلسلہ میں بحث ومباحثہ اور فلسفہ تضاد جاری ہے۔چند ماہرین کی راہ ہے امسال 12 اکتوبر 2011ء تا 20 اکتوبر تک سیارہ زحل جب اپنے شرقی بُرج میں درجہ شرف پر گزرے گا۔ تو عین اس وقت سیارہ شمس سے قران کے حالات میں غروب ہو جائے گا جس کی وجہ سے زحل کے اعمال بے اثر ثابت ہو جائیں گے دیکھا جائے تو ماضی میں 17 جولائی 1953ء کو سیارہ زحل کے شرف کے موقع پر سیارہ زحل رجعت یافتہ سیارہ نیپچون سے قران میں تھا 24 دسمبر 1981ء کو یعنی 30 سال قبل شرف زحل کے موقع پر سیارہ زحل الٹ پلٹ کرنے والے سیارہ پلوٹو کے سہرا تھا۔اسکے پیچھے اس کا مخالف سیارہ مریخ بھی موجود تھا جس سے یہ بات سامنے آئی کہ ماضی میں جو سیارہ شرف میں ہوتا تھا۔تو اسکے وجہ شرف کو اہمیت دیکر ہی اعمال تحریر کیے جاتے تھے۔نہ کہ نظرات یا دیگر سیاروں کی نشستی اور بروجی و درجاتی کیفیت کو مد نظر رکھا جاتا تھا۔یہ رواج گزشتہ شرف مشتری کے دوران ہی پڑھ گیا تھا۔موجود شرف کے موقع پر زحل کے غروب ہونے پر ماہرین کی راہ درج ذیل تحریر کی جاتی تھی۔اس ضمن میں کلیان ورمس سروالی انڈیا کے جوتشی کی تحت الشاع کے حوالے سے اپنی کتاب میں رقم طراز ہیں کہ تحت الشاع سے متاثرہ نہیں ہوتے یعنی یہ بات یہاں بھی بالکل واضح ہے کہ شرف زحل تحت الشاع سے متاثرہ نہ ہے بلکہ اپنی پوری قوت اور حکم رکھتا ہے۔جس کی تائید حکیم عالم قادر مرحوم نے اپنے شہرہ آفاق کتاب مراۃ النجوم میں تحریر کیا ہے۔جن کے مطابق شمس جس گھر میں حرکت کر رہا ہو اُس برج میں سیارگان ہمراہ ہوں اپن کی قوت ختم ہو جاتی ہے۔صرف دو سیارگان کی قوت شمس کے ہمراہ قائم رہتی ہے۔سیارہ زہرہ اور زحل دیگر کسی کے نہیں۔

ہر خاص وعام کو اس بات کا علم ہو کہ وطن عزیز پاکستان کا طالع برج ثور ہے، طالع کا مالک زہرہ اور زحل شمس کے قریب ہیں بلکہ حالت قران میں یعنی زائچہ پاکستان میں سیارہ زہرہ اور زحل غروب یعنی تحت الشعاع کے حالت میں بھی قوی مانے جائیں گے،ماہر علم نجوم جناب لیاقت نجم متوقع شرف زحل کے بارے میں تضاداتی رائے جات کو مد نظر رکھتے ہوئے معلوم کیا گیا تو انہوں نے برملا جواب دیا کہ سیارہ زحل ہر جگہ چھایا ہوتا ہے اسے کوئی بھی سیارہ کچھ بھی نہیں کہہ سکتا۔



ہمارے حلقہ کے عامل امام ڈتو بروہی صاحب کی نظر میں شرف زحل کا سامنے دیا گیا طلسم 17 اکتوبر اور 18 اکتوبر کی درمیانی شب 11 بج کر 35 منٹ پر تحریر کریں یا چاندی پر کندہ کروائیں۔

معلوم رہے کہ سیارہ زہرہ تریاق کا درجہ رکھتا ہے جو کہ مختلف زہریلے اثرات کو ختم کر لیتا ہے۔اور سیارہ زحل نمک سے منسوب ہے جس کا کھارا پن ذائقہ کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

نیز زہرہ عمدہ قسم کی سواری سے منسوبی سیارہ ہے اگر کوئی فرد A.C کار میں یا ریل کی بوگی میں سفر کرے تو کیا اُس کو سورج کی تپش کی پرواہ ہوگی؟ زحل چقماقی یعنی مقناطیسی صلاحیت رکھتا ہے اور بالکل ٹھنڈا ہے کیا ٹھنڈے یخ مادہ کو آگ پگھلا سکتی ہے۔زحل موم بتی نہیں ہے جو شمس کے قریب ہو کر پگھل جائے۔

اگر شمس زحل کو غروب کر دیتا ہے تو موجودہ جمہوری حکومت کے حلف وفا داری کے روز شمس اور زحل باہم قران کر رہے ہیں۔زحل جمہوریت کا منسوبی سیارہ ہے اگر مذکورہ روز زحل اپنی قوت گنوا دیتا تو پیپلز پارٹی جس کا طالع برج جدی ہے اور ستارہ زحل ہے تو کیسے غروب کی حالت میں اقتدار میں آگئی،جس سے واضح ہوتا ہے کہ شمس برابر 2 سیارگان زحل اور زہرہ کو کمزور نہیں کر سکتا ہے۔کلیان ورمس سروالی اور حکیم غلام قادر مرحوم کا نظریہ اور فلسفہ صداقت پر مبنی ہے۔اگر ہم شرف مشتری کو بھول جائیں گے تو 12 سال پھر انتظار کرنا ہوگا،اگر ہم شرف زحل کی بات کو بھولیں گے تو آئندہ 30 برس انتظار کرنا پڑے گا،پھر کل کوئی مرے یا زندہ رہے،ایسی سعادت سے ہر عام وخاص کو یعنی عوام کو فیض حاصل کر لینا چاہیے۔

رحمکاریہ جفر اوج مریخ

تحریر انیسہ شعیب (ایبٹ آباد)

فتوحات، کامیابی مقدمہ مخالفوں پر فتح پانا، مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے یا وہ کام جو کسی وجہ سے بنتے بنتے رک جاتے ہوں۔ ہر کام میں رکاوٹ آتی ہو یا وہ لوگ جو دشمنوں کی وجہ سے پریشان حال ہیں۔ اور رزق کی تنگی کی وجہ سے پریشان ہیں تو ان کے لئے یہ لوح کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ تحفہ روحانیات آج کی محفل میں لوح فتوحات کے ساتھ حاضر ہوں۔ لوح فتوحات کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

دفعہ نحوست سیارگان، ترقی دولت، ترقی کامیابی، تسخیر خلق، ترقی درجات، ملازمت میں ترقی یا جسکی ملازمت میں ترقی نہ ہو۔ تو یہ لوح اسکی کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ یہ لوح خالص چاندی پر تیار کروائیں۔ یہ لوح فتح مندی اور سربلندی کیلئے ہے۔ جو لوگ دنیا میں عزت شہرت، عظمت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ لوگ جو ترقی اور اقبال کے خواہش مند ہیں خواہ وہ کسی محکمہ یا کاروبار میں ہوں یا وہ لوگ جو وزراء، امراء، افسران اعلیٰ کے نزدیک عزت و مرتبہ چاہتے ہیں۔ وہ لوگ جو حصول مراتب، فراوانی مال، دولت مندی خوشحالی اور صحت بدن کے خواہاں ہیں انہیں لازمی اس لوح سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ ظاہری حالت میں امکان نہ ہو تو قدرت ایسے اسباب پیدا کر دیتی ہے جس میں ترقی و اقبال کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ستارہ زحل کی ساڑھ ستی ہو یا دفع بندش رزق کیلئے یہ لوح کامیابی کی ضمانت بنے گا۔ یہ لوح خالص گولڈن یا خالص چاندی پر تیار کر کے پاس رکھیں۔

اس سال اوج مریخ 19 اکتوبر کو رات 21:45 منٹ تا 21 اکتوبر شام 16:44 تک قائم ہو گی۔

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵
۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰مر	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

نقش درج ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

یا الٰہ آلالہۃ الرفیع جلالہ	یفعل اللہ ما یشاء ویحکم ما یرید	انا فتحنا لک فتحاً مبینا	حسبنا اللہ و نعم الوکیل	واللہ غالب علی امرہ
۱۲۳۴	۴۵۱	۱۴۵۷	۹۷۵	۹۵۹
۱۴۵۸	۹۷۶	۹۶۰	۱۲۳۵	۴۴۷
۹۶۱	۱۲۳۱	۴۴۸	۱۴۵۹	۹۷۷
۴۴۹	۱۴۶۰	۹۷۸	۹۵۷	۱۲۳۲

نظر تیز کریں

ملٹھی کا سفوف روزانہ 3 ماشہ 1 چمچ شہد کے ساتھ رات کو کھا لیں، انشاء اللہ چند دنوں میں نظر میں بہتری پیدا ہو جائے گی۔

چہرے کی جھریاں دور کریں

روغن بادام 15 گرام، پھٹکری پسی ہوئی 15 گرام، عرق گلاب 100 گرام 4 انڈوں کی سفیدی، ہلکی آنچ پر پکائیں، گاڑھی ہونے پر فرج میں رکھیں، روزانہ مالش کریں۔

ہائی بلڈ پریشر

گلاب کی پتیاں، چھوٹی چنن، سبز الائچی، سفید رال ہم وزن لے کر پیس لیں۔ روزانہ تین وقت (صبح، دوپہر شام) 3 ماشہ استعمال کریں۔

برائے دفع امراض قلب

وہ افراد جن کو امراض قلب ہو، جس میں ہائی بلڈ پریشر یا دل کا گھٹنا، گھبراہٹ ہونا، دل میں درد کی شکایت یا نالیوں کا سکڑ جانا یا تنگ ہو جانا شامل ہے۔ انہیں چاہئے کہ خالص شہد (چھوٹی مکھی) ایک کپ عرق ادرک (آدھا کپ)، عرق لیموں، عرق سونف (آدھا، آدھا کپ) لے کر بوتل میں بند کر لیں۔ ایک چمچ کھانے صبح اور شام استعمال کریں۔

روحانی مندرجات

تحریر: ۔ایاز اشرف سیال (چکوال)

جس دن درود مزمل سوالاکھ کا ورد شروع کیا تو طبیعت میں اتنی فرحت محسوس کی کہ دل خوشی سے جھومنے لگا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مجھ سے کتنے نیک عمل کروا رہا ہے۔ ہمہ وقت ایسا محسوس ہونے لگتا کہ مجھ پر مسلسل نور کی برسات ہو رہی ہے۔ نبی پاکؐ کا میں ایک گنہگار اُمتی باقی تمام اُمتیوں کو اس عمل کا مشورہ اور دعوت دیتا ہوں کہ زندگی میں ایک درود مزمل کا سوالاکھ بار ورد کر کے دیکھیں۔ آپ ہر فکر سے آزاد ہو جائینگے۔ اور روحانی دنیا میں آپ کا خیر مقدم کیا جائیگا۔ جس دن میں نے عمل شروع کیا اسی دن جنات میرے گرد منڈلانے لگے اور رات کو تو پانچ جن میرے پاس آئے اور میں نے تقریباً پوری ہی رات ان کی محفل میں گزاری۔ کچھ دن بعد تین عدد موٹے موٹے پست قد کے جنات انسانوں کی شکل میں میرے گھر آئے اور کافی دیر میرے ساتھ کھیلتے رہے۔

استاد محترم کو تفصیلات سے آگاہ کیا تو انہوں نے فرمایا کہ سورۃ مزمل کی برکت سے اب جنات آپ سے دوستی کے خواہشمند ہیں اور وہ آپ کو بہانے بہانے سے تیار کر رہے ہیں تاکہ آپ ان کا وجود ان کی حاضری برداشت کر سکیں۔ استاد محترم فرماتے ہیں کہ درود شریف ایک ایسی عبادت ہے جس کے لئے کسی کو کسی کی بھی اجازت کی ضرورت نہیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کی بھی سنت ہے اور فرشتوں کی بھی عبادت ہے اور یہ ایک ایسی عبادت ہے جس کا بارگاہ الٰہی میں قبول و مقبول میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ بے وضو بھی ورد کر سکتے ہیں مگر باوضو ہو کر درود بھیجنا زیادہ مستحب ہے۔

سورۃ مزمل کی برکت سے مجھے محمدؐ و آل محمدؐ کی نسبت سے بہت کچھ ملا ہے اور ان سے بہت کچھ پانے کی جستجو اور محبت اس حد تک بڑھ گئی کہ ہر وقت بیتاب رہنے لگا کہ کب ان مبارک ہستیوں کے روضہ مبارک پر حاضری دی جائے اور اس بیتابی و محبت کا نتیجہ یہ نکلا کہ مجھے کالا کپڑا بھی عطا کیا گیا اور ایران و عراق جانے کی بھی دعوت دی گئی اور سب انتظامات اپنے آپ ہو گئے۔ اسی دوران جنات تقریباً ہر رات ہی مجھ سے ملاقات کرتے اور ایک رات مجھے سورۃ جن کی تلاوت کی ہدایت کی گئی۔ اور جب استاد محترم سے سورۃ مبارکہ کی تعداد کی ترتیب معلوم کی تو ایک نہایت ہی خاص خاص اور سریع الاثر عمل سکھلایا اور ہدایت کی کہ چاند کی پہلی تاریخ سے چودھویں رات تک عمل کرنا ہے مگر اگلا مہینہ محرم کا تھا۔ اسی لیے عمل سے روک دیا اور فرمایا کہ زیارتوں سے واپسی پر آپ یہ عمل کرنا۔

نبی پاکؐ کو گیارہ سو بار سورۃ مزمل کی تلاوت کا ثواب ایصال کرنا شروع کیا تو ابھی سات سو بار ہی تلاوت کی تھی کہ میری ایک بہت بڑی مہم آسان ہو گئی اور میں اپنی ذمہ داری سے سرخرو ہو گیا اور دوسرا انعام یہ ملا کہ مولا علیؑ اور دیگر زیارات پر جانے کا بھی بندوبست ہو گیا اور تیسرا یہ کہ میرے استاد محترم نے شمس و مشتری کی تثلیث کے دوران اپنے دست مبارک سے لوح مشتری تیار کر کے مجھے عنایت کی اور چوتھا یہ کہ جنات سے میرے روابط مزید بڑھنے لگے اور میں اکثر ان کی محفلوں میں شریک ہونے لگا۔ اسی غرض سے باقی چار سو کی تعداد پورا کرنے لگا کیونکہ ہر ملاقات میں مجھے سورۃ جن کی تلاوت کی ہدایت کی تھی۔ اور جیسا کہ میں سورۃ فاتحہ، سورۃ یسین، چہار قل اور آیۃ الکرسی کی بھی روزانہ تلاوت کیا کرتا تھا ان کے متعلق بھی عمل بتا کر استاد محترم مجھے نور قرآنی کی وسعتوں میں لے گئے۔ اور فرمایا کہ اس کے بعد اگر آپ صرف ایک بار چہار قل اور آیۃ الکرسی کا ورد کر کے حصار کرینگے تو انشاءاللہ یہ ایک مضبوط ترین حصار ہوگا۔

جب اپنی پڑھائی روزانہ کرنے لگا تو ایک دن جنات مجھے بہت ہی سرسبز و شاداب گھنے جنگلات والے پہاڑوں میں لے گئے جہاں میں بادلوں کو بھی چھو سکتا تھا وہیں پر ایک چوٹی پر آ کر میں جنات کو اپنی دوستی کی دعوت دینے لگا اور پھر جب گیارہ سو کی تعداد مکمل کر لی اور مولا علیؑ کیلئے تلاوت مبارکہ شروع کی تو اس وقت بہت ہی تھوڑے دن رہ گئے زیارتوں پر جانے میں اور میری یہ بڑی خواہش تھی کہ میں امیر المومنینؑ اور حضرت امام حسینؑ کیلئے گیارہ گیارہ سو بار سورۃ مزمل کا تحفہ لیکر جاؤں اور اللہ نے اپنی رحمت سے یہ تعداد بہت ہی قلیل دنوں میں پوری کرا دی اور اس دوران بھی میں نے عدد 53 کو ملحوظ رکھتے ہوئے تلاوت کی۔ گو کہ یہ عمل دن میں تین تین بار بھی کرنا پڑا مگر عدد 53 کا خاص خیال رکھا۔ ذہن نشین کر لیں کہ مخصوص عدد 53 اسم احمد اور اسم حامد کا قمری عدد ہے۔

یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

ہائی بلڈ پریشر

املی کا گودہ لیں۔ اس میں ہرا دھنیا30 گرام، پودینہ 50 گرام، زیرہ سفید 25 گرام، کلونجی 5 گرام، ہری مرچ ایک عدد، لہسن کے جوئے 30 ملی گرام ملا کر اور شکر 30 گرام ڈال کر گرائینڈر میں پیس کر چٹنی بنا لیں۔ کھانے کے دوران استعمال کریں۔ ہائی بلڈ پریشر سے نجات حاصل ہوگی۔

بھوک کی کمی:۔ املی کا گودا 250 گرام، اس میں نمک 15 گرام، دانہ الائچی کلاں 6 گرام، دار چینی 3 گرام، کالی مرچ 6 گرام، پودینہ 3 گرام ڈال کر گرائینڈر کے ذریعے چٹنی بنا لیں ہر کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

یرقان:۔ یرقان میں تسکین حرارت اور جوش صفرا کو کم کرنے کیلئے استعمال کریں، املی کا گودا 2 تولہ، عناب 5 عدد، تخم کاسنی 5 گرام، کالی مرچ 6 گرام، گل نیلوفر 5 گرام جوش دیکر خمیرہ بنفشہ 2 تولہ ملا کر استعمال کریں۔

لُو کی گرمی کیلئے

لُو کے مرض میں فوری آرام کیلئے عناب 5 عدد، تخم خربوزہ، تخم کاسنی ہر ایک 6 گرام پانی ایک کلو میں جوش دے کر املی 50 گرام ملا کر دن بھر اس کا نتھرا ہوا پانی گلقند میں ملا کر پیتے رہیں۔

پتی اچھلنا (الرجی) املی 2 تولہ، سناء 6 گرام، ترنجبین 24 گرام ملا کر استعمال کریں اور پھٹکری، گیرو برابر باریک کر کے عرق گلاب ملا کر تمام جسم پر لگائیں۔

قبض:۔ املی قبض میں فائدہ مند ہیں۔ املی، گل سرخ، سناء، سونف ہر ایک 6 گرام کا جوشاندہ بھی قبض ختم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ جبکہ مربہ املی کا بچوں کے قبض میں استعمال نہایت مفید ہے۔

یرقان کی دوا:۔ مولی کے سبز پتوں اور شاخوں کا پانی ۱۰ تولے شکر ۲ تولہ ملا کر صبح کے وقت نوش فرمائیں ہر قسم کے یرقان (پیلیا) کے لئے نہایت مفید ہے۔

داد کی دوا:۔ مولی کے بیج ایک تولہ، گندھک آملہ سار ایک تولہ گوگل عمدہ ایک تولہ، توتیا سبز (نیلا تھوتھا) ۶ ماشہ سب ادویہ کو باریک کر کے مولی کے پانی ۱۰ تولہ میں کھرل کریں اور گولیاں بنائیں ایک گولی کو مولی کے پانی میں گھس کر مقام داد پر لگائیں چند دنوں میں داد کو ختم کر دے گا۔

ورم طحال:۔ ورم طحال کے لئے مولی کا اچار جس میں سرکہ انگوری خالص اور نمک ڈالا گیا ہو بہت ہی فائدہ مند ہے دو تین ہفتہ کا استعمال اس کو جڑ سے ختم دور کر سکتا ہے۔

بواسیر:۔ مولی کے پتے سایہ میں خشک کر لیں پھر کوٹ چھان کر ہم وزن کھانڈ ملا لیں سفوف چھ ماشہ بلا ناغہ ۴۰ یوم کھائیں بواسیر کا اکسیری علاج ہے۔

بندش پیشاب

عمدہ مولیوں کو لے کر اوپر سے چھلکا دور کریں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں ان پر نمک اور مرچ سیاہ کے سفوف چھڑک کر برتن میں ڈالیں اور برتن کا منہ بند کر کے چند روز دھوپ میں رکھیں ہر روز ہلاتے رہیں عمدہ اچار تیار ہے۔ بڑھی ہوئی تلی اور پیشاب کی بندش کے لئے مفید ہے۔

زہریلا ڈنک

باؤلے کتے کے کاٹنے پر مولی کے پتے گرم کرے فوراً زخم کے مقام پر لگائیں زہر باطل ہو جاتا ہے بشرطیکہ زہر ابھی سارے بدن میں نہ پھیلا ہو۔ بچھو جسمانی طور پر کمزور ہے اتنا ہی تکلیف پہنچانے اتنا ہی موذی ہے اسکو گھنٹوں تڑپاتا بلکہ بعض بچھو کے کاٹنے سے جسم درد کی شدت سے اکڑ جاتا ہے مولی اس کی دشمن ہے اگر بچھو پر مولی کا چھلکا یا مولی کا پانی ٹپکایا جائے تو وہ فوراً مر جاتا ہے اگر کاٹی ہوئی جگہ سے نیش نکال دیا جائے اس جگہ مولی کو ٹپکا دیا جائے تو وہ فوراً مر جاتا ہے تو درد اور سوزش میں سکون رہتا ہے۔

ورم حلق:۔ گلے کے ورم کو دور کرنے کے لئے مولی کا پانی ایک پاؤ صاف پانی ایک پاؤ، مناسب نمک خوردنی ملا کر غرغرہ کریں حلق کے ورم کے لئے سود مند ہے۔

روحانی علاج

تحریر: بابا صدف انبالوی (ملتان)

ہر حاجت کیلئے

تا ور جتنے بھی حروف مقطعات قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر وخوبی سے بسر ہوگی۔

نظر بد کیلئے

وَاِن یَّکَادُ الَّذِینَ کَفَرُوا لَیُزلِقُونَكَ بِاَبصَارِهِم لَمَّا سَمِعُوا الذِّكرَ وَيَقُولُونَ اِنَّهُ لَمَجنُونٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكرٌ لِّلعٰلَمِينَ ۝

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ نظر بد کے لیے مفید ہے۔

ہر مشکل کیلئے

فَقُلتُ استَغفِرُوا رَبَّكُم اِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرسِلِ السَّمَآءَ عَلَيكُم مِّدرَارًا ۝ وَّيُمدِدكُم بِاَموَالٍ وَّبَنِينَ وَيَجعَل لَّكُم جَنّٰتٍ وَّيَجعَل لَّكُم اَنهٰرًا ۝

چند شخص حضرت حسن بصریؒ کے پاس آئے کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کے لیے کہا آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ یا حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لیے کہا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی کو ارشاد فرمایا اور اگر پوری سورہ نوح سوتے وقت پڑھ لی جائے تو احتلام سے محفوظ رہے گا۔

آسیب کیلئے

پوری سورہ جن

جس پر آسیب آتا ہو اس پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔

کشائش رزق کیلئے

پوری سورہ مزمل

کشائش رزق کیلئے بہت مفید ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا مغنی پڑھے بعد گیارہ سورہ مزمل کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے جو اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح کی امداد فرمائے گا۔

عمل کی رجعت سے محفوظ

پوری سورہ عَبَسَ وَتَوَلّٰی

جو کسی عمل کو کرتے وقت اس سورت کو پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا۔

ولادت بآسانی

اِذَا السَّمَآءُ انشَقَّت ۝ وَاَذِنَت لِرَبِّهَا وَحُقَّت ۝ وَاِذَا الاَرضُ مُدَّت ۝ وَاَلقَت مَا فِيهَا وَتَخَلَّت ۝

ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کی آسانی کیلئے بائیں ران میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ولادت بآسانی ہوگی مگر بعد ولادت تعویز کو فوراً کھول دیں اور اسی عورت کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ولادت ہے۔

بصارت میں کمی نہ ہو

پوری سورہ اِنَّا اَنزَلنٰهُ

جو شخص وضو کے بعد آسمان کی طرف نظر کر کے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بصارت میں کمی نہ ہوگی۔

آدھا قرآن کا ثواب

پوری سُورَۃ اِذَا زُلزِلَت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص اس سورت کو پڑھ لے تو آدھا قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔